Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 27 اپریل 2026ء، 9 ذیقعد 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 15

وزیراعظم و وزیراعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت اخراجات کا تفصیلی جائزہ مکمل کرتے ہوئے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی

اسپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے ہی اپنی تنخواہ اور تمام سرکاری مراعات نہ لینے کا اعلان کر چکے ہیں جبکہ سرکاری پروٹوکول میں سادگی کو فروغ دیتے ہوئے ذاتی گاڑیوں کے استعمال کو ترجیح دی گئی

صدر مملکت آصف علی زرداری نواب شہزادعلی خان کی صاحبزادی کی منگنی کی تقریب میں شرکت کر کے رونق بخش رہے ہیں۔

لاہور (یواین پی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت اخراجات کا تفصیلی جائزہ مکمل کرتے ہوئے 77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی۔ یہ اقدام وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت اٹھایا گیا جس کے نتیجے میں پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں (بقیہ نمبر 1)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد

مہنگائی کیخلاف بہت جلد تحریک شروع کریں گے' جے یو آئی

نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کے لئے مقرر کی گئی

لاہور (یواین پی) جمعیت علماء اسلام نے پیٹرول وڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی قیمتیں عالمی منڈی کے برعکس حکمرانوں کی عیاشیوں کو پورا کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہیں، مہنگائی کے ستائے عوام پر مزید بوجھ ناقابلِ قبول (بقیہ نمبر 2)

گیس لیکج کے باعث کچن میں آگ بھڑک گئی

آگ لگ جانے سے دو خواتین، دو بچے جھلس گے جن کو فوراً ہسپتال منتقل کر دیا گیا

سرگودھا (یواین پی) چولہا کی گیس لیکج کے باعث کچن میں آگ لگ جانے سے دو خواتین اور دو بچے جھلس گے جن کو فوری طبی امداد دے کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا گجرات روڈ کے علاقہ سالم کے قریب (بقیہ نمبر 5)

فیلڈ مارشل سے ایرانی وزیر خارجہ کی ملاقات

سکیورٹی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق، علاقائی صورت حال اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یواین پی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ملاقات کی جس میں علاقائی صورت حال اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایرانی و (بقیہ نمبر 4)

سونے کی قیمتوں میں اضافے سے شادیوں کے رجحانات تبدیل

جنوبی ایشیا میں سونے کی ریکارڈ قیمتوں نے شادیوں کے روایتی انداز کو نمایاں طور پر بدل کر رکھ دیا

کراچی (یواین پی) جنوبی ایشیا میں سونے کی قیمتوں میں اضافے کے پیش نظر شادیوں کے رجحانات تبدیل ہونے لگے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جنوبی ایشیا میں سونے کی ریکارڈ قیمتوں نے شادیوں کے روایتی انداز کو نمایاں (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم و وزیراعلیٰ پنجاب کی کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

مالی قزاقوں نے آئل ٹینکر اور عملے کو اغوا کرلیا، متاثرہ خاندانوں نے اپنے پیاروں کی رہائی کے لیے وزیر اعظم سے کوششوں کی اپیل کی ہے

جے ڈی سی کے سربراہ ظفر عباس کے مطابق اغوا کاروں نے 70 لاکھ ڈالر تاوان مانگا ہے، یہ پاکستانی روپے میں تقریبا 2 ارب روپے ہیں جو وہ کسی صورت ادا نہیں کر سکتے جبکہ اغوا کو چار دن ہوگئے اور کسی حکومتی شخصیت نے رابطہ نہیں کیا

مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر و سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے چیئرمین ناصر محمود لاہور پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں۔

کراچی (یواین پی) صومالی قزاقوں نے آئل ٹینکر اور عملے کو اغوا کرلیا، مغویوں میں 11 پاکستانی بھی شامل ہیں، متاثرہ خاندانوں نے اپنے پیاروں کی رہائی کے لیے وزیر اعظم سے کوششوں کی اپیل کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صومالیہ کے ساحل کے قریب مسلح قزاقوں نے ایک آئل ٹینکر اغوا کرلیا ہے، اطلاعت کے مطابق عملے میں 11 پاکستانی بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ واقعہ 21 اپریل 2026 کو خلیج عدن میں پیش آیا۔ کراچی میں موجود مغویوں کے اہل خانہ وزیراعظم شہباز شریف اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے پیاروں کی واپسی کے لیے کوششیں کی جائیں۔ اہل خانہ جے ڈی سی کے دفتر پہنچ جہاں انہوں نے ظفر عباس سے ملاقات کی اور ان سے مدد کی اپیل کی۔ جے ڈی سی کے سربراہ ظفر عباس کے مطابق اغوا کاروں نے 70 لاکھ ڈالر تاوان مانگا ہے، یہ پاکستانی روپے میں تقریبا 2 ارب روپے ہیں جو وہ کسی صورت ادا نہیں کر سکتے جبکہ اغوا کو چار دن ہوگئے اور کسی حکومتی شخصیت نے رابطہ نہیں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کمپنی انہیں خاموش رہنے کا کہہ رہی ہے اغوا ہونے والوں کے اہل خانہ اس صورتحال سے بے حد پریشان ہیں۔ امین بن شمس کی اہلیہ نے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ میرے شوہر برغمال ہیں، میرے چھوٹے بیٹے سے والد کی ملاقات بھی نہیں ہوئی وہ ان کے جانے کے چند دن بعد پیدا ہوا تھا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 6)

معزز چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں جمہوریہ ترکیہ کی آئینی عدالت کے صدر، معزز جناب قادر اوزکایا کے ساتھ ایک تصویر میں۔

فکرِ اقبال کو اپناتے ہوئے طلبہ میں خودی، ذمہ داری اور قیادت کی صلاحیتوں کو فروغ دیا جاسکتا

لاہور (یواین پی) سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو علامہ محمد اقبال (بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی، طالبات کو ہراساں کرنے والے 3 ملزمان گرفتار،

ملزمان کا تعلق نیو چاکرہ کے علاقے سے، قبضے سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرلی

راولپنڈی (یواین پی) سکول سے گھر جانے والی طالبات سے نازیبا حرکات کرنے میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، جن میں سے ایک کو زخمی حالت میں حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان اپنے ساتھیوں کے ہمراہ طالبات کو ہراساں کرتے تھے (بقیہ نمبر 20)

گلوبل آؤٹ سورسنگ ٹیلنٹ انڈیکس میں 16 ویں نمبر پر آگیا

پاکستان کا ٹیلنٹ اسکور 80 میں سے 100 ہے، اسی پیمانے پر پاکستان عالمی سطح پر 8 ویں نمبر پر ہے، شزہ فاطمہ

پاکستان اوسطاً 20 فیصد سالانہ شرح سے ترقی کر رہا جو ٹیکنالوجی ایکوسسٹم کی صلاحیت اور مضبوطی کا واضح ثبوت ہے، بیان

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ایٹارکسز (Ataraxis) کے 2026 گلوبل آؤٹ سورسنگ ٹیلنٹ انڈیکس میں پاکستان 193 ممالک میں سے 16 ویں نمبر پر آگیا ہے۔ جاری بیان میں شزہ فاطمہ نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر سرفہرست 9 فیصد ممالک میں شامل ہے، پاکستان اس وقت چین 37 ویں نمبر، ویتنام 32 ویں نمبر (بقیہ نمبر 21)

آئی ٹی ورکرز کیلیے جعلی دستاویزات بنانے کے کیس میں ملزمہ کی ضمانت منظور

کراچی (یواین پی) آئی ٹی ورکرز کے لیے جعلی دستاویزات بنانے کے کیس میں عدالت نے ملزمہ کی ضمانت منظور کرلی۔ جوڈیشل کمپلیکس میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے جعلی دستاویزات بنا کر شمالی کوریا کے آئی ٹی ورکرز کو فراہم کرنے کے مقدمے (بقیہ نمبر 58)

معزز چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس یحییٰ آفریدی شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے دوران اپنے چینی ہم منصب کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب حکومت کا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی توسیع کا فیصلہ

پروگرام کو مزید موثر، شفاف بنانے کے لیے نئے اقدامات بھی متعارف کرانے پر غور جاری

پروگرام میں مزید مستحق افراد کو شامل کیا جائے گا، کم آمدنی رکھنے والے خاندان بھی آسان اقساط پر گھر حاصل کر سکیں

لاہور (یواین پی) پنجاب حکومت نے گھر کا قرض حاصل نہ کر سکنے والے افراد کے لیے بڑی خوشخبری سناتے ہوئے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی توسیع کا فیصلہ کرلیا۔ اس اقدام کا مقصد ایسے شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے جو مالی مشکلات کے باعث ذاتی رہائش کا خواب پورا نہیں کر پا رہے۔ حکام کے مطابق پروگرام کے دائرہ کار کو بڑھاتے ہوئے مزید مستحق افراد کو شامل کیا جائے گا تاکہ کم اور متوسط آمدنی ر (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی: جیمز اینڈ جیولری اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس کے موقع پر چیئرمین غلام مصطفیٰ صدر چیمبر آف کامرس عثمان شوکت کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ کی آواز رنگ لے آئی

حکومت عنقریب ایسے جدید ماڈلز متعارف کرا رہی ہے جو مری جیسے بلند پہاڑی علاقوں میں بھی کامیابی سے چلیں گے

پنجاب اسمبلی میں مؤثر مطالبہ، وزیر ٹرانسپورٹ کی یقین دہانی جون سے آغاز اکتوبر تا نومبر تک تکمیل کا ہدف

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآ سیدن شاہ اور تحصیل کلرکہار کے عوام کیلئے ایک بڑی خوشخبری سامنے آئی ہے، جہاں وزیر ٹرانسپورٹ نے ان دونوں پہاڑی تحصیلوں کیلئے خصوصی الیکٹرک بس منصوبے پر پیش رفت کی تصدیق کرتے ہوئے اہم یقین دہانی کروائی ہے۔ اس موقع پر ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ نے وزیر ٹرانسپورٹ سے براہ راست سوال اٹھایا کہ چونکہ چوآ سیدن شاہ اور کلرکہار دونوں دشوار گزار اور پہاڑی علاقے ہیں، اس لیے یہاں ایسی الیکٹرک بسوں کی ضرورت ہے جو ان مخصوص جغرافیائی حالات میں مؤ (بقیہ نمبر 19)

سی ایم پنجاب کے ویژن کے تحت سرگودھا کے بازاروں کی بیوٹیفکیشن تیزی سے جاری

ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کا دورہ، تاجروں کا منصوبے پر اظہار اطمینان

سرگودھا (طارق محمود قاسمی سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت سٹی روڈ اور کچہری بازار کی بیوٹیفکیشن کا کام تیزی سے مکمل ہونے کے مراحل میں (بقیہ نمبر 8)

ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری جاری سٹی بیوٹیفکیشن کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں۔

کفایت شعاری مہم کے تحت پنجاب اسمبلی کے اخراجات میں نمایاں کمی

77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی گئی

لاہور (یواین پی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں کی ہدایت پر پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت اخراجات کا تفصیلی جائزہ مکمل کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 9)

لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان، معمولات زندگی متاثر

حجرہ شاہ مقیم (یواین پی) حجرہ شاہ مقیم شہر و گردونواح میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے جبکہ شدید گرمی اور مچھروں کی بہتات نے مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث معمولات زندگی بری طر (بقیہ نمبر 10)

سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بادشاہی مسجد کے اقبال ہال میں منعقدہ سیمینار بعنوان "فکرِ اقبال کی روشنی میں مدارسِ دینیہ کا کردار" سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس موقع پر نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ مولانا حافظ زبیر حسن، خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد اور دیگر بھی موجود ہیں۔

کوئی بداعتمادی نہیں، امریکہ ایران مذاکرات جلد شروع ہو گئے، ایاز صادق

پاکستان کے چین، امریکہ، سعودی عرب، ایران سمیت تمام ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر ہیں

اتنے گرم موسم میں سڑکوں کا افتتاح نہ کریں تو یہ منصوبے جون سے قبل مکمل نہیں ہوسکیں گے

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ کوئی بداعتمادی نہیں، امریکہ ایران مذاکرات جلد شروع ہوں گے۔ صوبائی دارالحکومت کے جنڈیالہ روڈ سے بھیین گاؤں تک سڑک کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ این اے 120 کے ایم پی ایز نے بڑی محنت کی اور وزیراعلیٰ پنجاب سے فنڈز لیے۔ انہوں نے کہا کہ ا (بقیہ نمبر 22)

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس ہوا

گندم کی سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا

سرگودھا (طارق محمود قاسمی سے) کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس گندم کی سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی سمگلنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس ضمن میں زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ (بقیہ نمبر 25)

اقوام متحدہ میں انسداد دہشت گردی مباحثہ، بی ایل اے، ٹی ٹی پی کے خطرات پر غور

نیویارک (یواین پی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں (بقیہ نمبر 23)

منشیات برآمدگی کے ملزم کو چھوڑنے پر پولیس افسر معطل

لاہور (یواین پی) نولکھا میں منشیات برآمد ہونے پر کارروائی کرنے کی بجائے شہری کو چھوڑنے پر اے ایس آئی معطل کر دیا گیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر کے مطابق شہری کی ویڈیو وائرل ہونے پر تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے واقعہ میں ملوث اے ایس آئی افتخار کو معطل کر دیا گیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر نے کہا (بقیہ نمبر 24)

شازیہ رضوان کی چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد سے ملاقات

ملاقات کے دوران ٹریفک مینجمنٹ کو مزید مؤثر بنانے، شہریوں کو درپیش مسائل کے حل پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) اسلام آباد میں پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد سرفراز ورک سے ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی (بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد میں پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان چیف ٹریفک آفیسر سرفراز ورک سے ملاقات کر رہی ہیں، ملاقات میں ٹریفک مینجمنٹ اور شہری سہولیات کی بہتری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے، آل پاکستان انجمن تاجران

حکومت پیٹرولیم پر عائد لیوی میں کمی کر کے عوام کو ریلیف دے' مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی

پاکستان میں عوام کی قوت خرید تیزی سے جواب دے رہی ہے جس کے باعث نہ صرف گھریلو بجٹ متاثر ہو رہے ہیں

لاہور (یواین پی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں عام آدمی کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ ہو رہا ہے اور اس کے لئے روزمرہ اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پہلے ہی مہنگائی کی بلند شرح نے زندگی اجیرن کر رکھی ہے، ایسے (بقیہ نمبر 11)

اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 3 ڈاکو مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک

ہلاک ملزمان نے اڈیالہ روڈ پر ڈکیتی کے دوران فائرنگ کر کے ایک دکاندار کو قتل کیا

راولپنڈی (یواین پی) راولپنڈی میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران 3 ڈاکو ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 3 ڈاکو پولیس مقابلے میں مارے گئے۔ پولیس نے بتایا کہ ہلاک ملزمان نے گزشتہ روز اڈیالہ روڈ پر ڈکیتی کے دوران فائرنگ کر کے ایک دکاندار کو قتل کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمان اس (بقیہ نمبر 12)

دنیا کو متاثر کرنے والا "چینی طرز کا احساسِ تحفظ" عالمی توجہ حاصل کر گیا

بیجنگ (یواین پی) حالیہ دنوں چین میں مقیم ایک برطانوی بلاگر نے چین میں ایک دلچسپ تجربہ کیا۔ وہ ایک مصروف کیفے میں اپنا لیپ ٹاپ میز پر رکھ کر چلا گیا، اور ایک گھنٹے بعد واپس آیا تو وہ جوں کا توں موجود تھا۔ بلاگر نے حیرت سے کیمرے کے سامنے (بقیہ نمبر 13)

قوم کی یکجہتی نے دشمن کی صفوں میں دراڑ ڈال دی، ایرانی سپریم لیڈر

دشمن کا میڈیا عوام کے ذہنوں کو نشانہ بنا کر قومی یکجہتی اور سلامتی کو کمزور کرنا چاہتا ہے، بیان

تہران (یواین پی) ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ قوم کی یکجہتی نے دشمن کی صفوں میں دراڑ ڈال دی۔ ایران کے سپریم لیڈر نے ایکس پر بیان میں کہا کہ قومی اتحاد دشمن کو مزید کمزور اور بے حال کر دے گا، دشمن کا میڈیا عوام کے ذہنوں کو نشانہ بنا کر قومی یکجہتی اور سلامتی کو کمزور کرنا چاہتا ہے، اس مذموم مقصد کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

دہشتگردوں کا حملہ ناکام، پولیس اور سی ٹی ڈی کو خراج تحسین

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے ڈھاڈر میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر پولیس اور سی ٹی ڈی کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ہفتہ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے پولیس اور سی ٹی ڈی کی طرف سے بروقت جوابی (بقیہ نمبر 14)

کشمور پولیس کا کامیاب مقابلہ، تین خطرناک ڈاکو گرفتار، دو زخمی

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کشمور پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے پولیس مقابلے کے بعد تین خطرناک ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، جن میں سے دو زخمی حالت میں ہیں جبکہ دیگر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق، ایس ایس پی کشمور محمد مراد (بقیہ نمبر 15)

راولپنڈی: واسا کے اہلکار تجمنڈی نالہ لئی کنارے مون سون بارشوں میں سیلابی صورتحال سے بچنے کیلئے سیوریج نالہ تعمیر کر رہے ہیں۔

شاہ فیصل کالونی میں قتل کی واردات کی ویڈیو سامنے آگئی

مقتول شان شاہ فیصل کالونی نمبر چار کا رہائشی تھا، پولیس نے قتل میں ملوث ملزم ارشد بٹ کو گرفتار کرلیا

مقتول کو اس کے ساتھی ارشد بٹ ولد محمد اسلم نے تیز دھار آلے کا وار کر کے قتل کیا، ایس ایچ او شاہ فیصل کالونی سرور چوہان

راولپنڈی: نالہ لئی کے کچرے سے ایک خانہ بدوش کا آلہ اشیاء تلاش کر رہا ہے۔

کراچی (یواین پی) دو روز قبل شاہ فیصل کالونی نمبر چار میں چھری کے وار سے قتل کیے جانے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آگئی۔ فوٹیج میں دیکھا گیا کہ مقتول اور قاتل اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ گلی سے لڑتے ہوئے نکل رہے ہیں، ملزم ارشد بٹ کو گلی میں موجود لوگ روکتے رہ گئے تاہم ملزم نے مقتول شان پر پے در پے وار کیے، ملزم ارشد بٹ نے سرعام اپنے ہی ساتھی شان کو قتل کیا اور چھری لہراتا رہا۔ مقتول شان شاہ فیصل کالونی نمبر چار کا رہائشی تھا، پولیس نے قتل میں ملوث ملزم ارشد بٹ کو گرفتار کر کے آلہ قتل چھری برآمد کرلی، ملزم کی گرفتاری کی فوٹیج بھی منظر پر آگئی، مقتول اور گرفتار ملزم آ (بقیہ نمبر 26)

کندھکوٹ میں انتظامیہ کی مبینہ غفلت کے باعث ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا

مچھروں کی بہتات سے معصوم بچے کی جان چلی گئی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ کے عیدگاہ محلہ میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی بہتات اور انتظامیہ کی مبینہ غفلت کے باعث ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس میں ایک معصوم بچے کی جان چلی گئی۔ علاقہ مکینوں کے مطابق بارہا شکایات اور میڈیا (بقیہ نمبر 17)

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شاہکوٹ میں تحصیل کونسل کا اہم اجلاس

صحت عامہ کے معاملات پر تفصیلی غور، طبی سہولیات کی بہتری کیلئے اہم فیصلے

شاہکوٹ (میاں داؤد) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شاہکوٹ میں تحصیل کونسل کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صحت عامہ سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایم پی اے و چیف وہپ پنجاب اسمبلی اور مانیٹرنگ آفیسر رانا محمد ارشد نے خصوصی (بقیہ نمبر 16)

عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

بے روزگاری متعلق عالمی بینک کا انکشاف

عالمی بینک نے واشنگٹن میں منعقدہ اپنے سالانہ اجلاس میں ایک انتہائی تشویش ناک انکشاف کیا ہے۔ بینک کے ماہرین کے مطابق، آئندہ دس سے پندرہ برسوں کے دوران پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک میں لاکھوں نوجوان روزگار سے محروم رہ سکتے ہیں۔ اجلاس میں بے روزگاری کو سب سے سنگین عالمی مسئلہ قرار دیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والی نسلیں ایک گہرے معاشی بحران میں دھنس سکتی ہیں۔ یہ اعداد و شمار اور پیش گوئیاں یقیناً پریشان کن ہیں، لیکن پاکستان کے تناظر میں دیکھا جائے تو یہ صورتحال کوئی نئی نہیں بلکہ یہاں تو یہ بحران کئی سال پہلے سے جاری ہے اور حکومتی غفلت نے اسے مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ پاکستان میں بے روزگاری کا مسئلہ کوئی اچانک پیدا ہونے والا بحران نہیں ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے ملک میں پڑھے لکھے اور ہنرمند افراد کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، لیکن روزگار کے مواقع ان کی تعداد میں اضافے کے تناسب سے پیدا نہیں ہو رہے۔ ہر سال لاکھوں نوجوان یونیورسٹیوں اور تکنیکی اداروں سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں اور پھر وہ ملازمت کی تلاش میں مہینوں بلکہ برسوں تک سرگرداں رہتے ہیں۔ یہ صورتحال نہ صرف ان نوجوانوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے تکلیف دہ ہے بلکہ پورے معاشرے کے لیے بھی پریشان کن ہے۔ بے روزگاری اور غربت ایک ہی سکے کے دو رخ ہوں۔ یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے کہ بے روزگاری اور غربت سے جو گونا گوں مسائل جنم لیتے ہیں وہ قدر بھیانک شکلیں اختیار کر لیتے ہیں۔ پاکستان میں جرائم کی بڑھتی ہوئی شرح، گھریلو تشدد، منشیات کا پھیلاو؟ اور نوجوانوں میں مایوسی و احساسِ محرومی، یہ سب بے روزگاری کے براہِ راست نتائج ہیں۔ جب کوئی نوجوان تعلیم حاصل کرنے کے باوجود بے کار بیٹھا ہو تو وہ نہ صرف خود ٹوٹتا ہے بلکہ اس کا پورا گھرانہ مشکلات کی آغوش میں چلا جاتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ یکے بعد دیگرے بننے والی حکومتیں نہ صرف اس بحران کو حل کرنے میں ناکام دیتی ہیں بلکہ اپنی پالیسیوں کے ذریعے وہ اس بحران کو مزید بڑھا رہی ہیں۔ مختلف سرکاری محکمے اور ادارے ختم کیے جا رہے ہیں اور کئی محکموں کی ہزاروں ملازمتیں بھی ختم کر دی گئی ہیں۔ اس سب کا جواز یہ دیا جاتا ہے کہ اخراجات کم کیے جا رہے ہیں اور نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس عمل سے روزگار کے مواقع سکڑتے جا رہے ہیں اور مزید لوگ بے روزگاری کا شکار ہو رہے ہیں۔ نجی شعبہ کوئی بڑا متبادل فراہم کرنے سے قاصر ہے کیونکہ سرمایہ کاری کے لیے ماحول سازگار نہیں اور کاروباری سرگرمیاں مسلسل کم ہو رہی ہیں۔ پاکستان میں حکمران طبقے کی ترجیحات کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ تعلیم اور صحت، جو کسی بھی معاشرے کی بنیادی ضروریات ہیں، حکومتی ایجنڈے پر ہیں ہی نہیں۔ سرکاری اسکولوں اور ہسپتالوں کی حالت دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔

ماں کا ایک روپ یہ بھی ہے؟

ماں کو دنیا میں محبت، قربانی، شفقت اور تحفظ کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ جب بھی ماں کا نام آتا ہے تو ذہن میں ایسی ہستی کا تصور ابھرتا ہے جو اپنی اولاد کے لیے ہر دکھ سہہ لیتی ہے، خود بھوکی رہ کر بچوں کو کھلاتی ہے، خود جاگ کر ان کی نیند پوری کرتی ہے اور ہر خطرے کے سامنے دیوار بن کر کھڑی ہو جاتی ہے۔ مگر کبھی کبھی معاشرے میں ایسے واقعات بھی سامنے آتے ہیں جو انسان کو ہلا کر رکھ دیتے ہیں اور دل ماننے کو تیار نہیں ہوتا کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ حال ہی میں ایک ایسا افسوسناک سانحہ اچھرہ لاہور میں سامنے آیا جس نے ہر حساس دل کو غمزدہ کر دیا۔ چند لمحوں کی ایک ویڈیو میں ایک عورت کا جملہ سننے کو ملا: "کیا آپ کے بچے نہیں ہیں؟" یہ جملہ سننے والوں کے دل و دماغ پر گہرا اثر چھوڑ گیا۔ لیکن جب پولیس تفتیش نے حقیقت سے پردہ اٹھایا تو معاملہ اور بھی دردناک نکلا۔ اطلاعات کے مطابق اسی عورت نے اپنے تین کمسن بچوں کو قتل کر دیا۔ بتایا گیا کہ پہلے ایک بچی کو سوتے میں مارا گیا، پھر ایک بیٹے کی جان لی گئی اور آخر میں تیسرے بچے کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ یہ خبر سن کر پورا معاشرہ جیسے ساکت ہو گیا۔ تین معصوم جانوں کا چلے جانا ہی کم دکھ نہ تھا، مگر جب معلوم ہوا کہ قاتل کوئی اور نہیں بلکہ ان کی اپنی ماں ہے تو دل خون کے آنسو رونے لگا۔ ماں جسے بچوں کے لیے سایہ سمجھا جاتا ہے، اگر وہی سایہ اندھیرا بن جائے تو اس سے بڑی بدقسمتی کیا ہو سکتی ہے۔ یہ واقعہ صرف ایک جرم نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر وہ کون سے حالات، دباؤ، ذہنی کیفیت یا سماجی خرابیاں ہیں جو ایک عورت کو اس حد تک لے جاتی ہیں؟ کیا گھریلو جھگڑے، ظلم، غربت، ذہنی بیماری، غلط صحبت یا کسی کے بہکاوے نے اسے اس مقام تک پہنچایا؟ اگر ایسا ہے تو پھر ذمہ داری صرف ایک فرد پر نہیں بلکہ ان تمام لوگوں پر بھی عائد ہوتی ہے جو اس ماحول کا حصہ تھے۔ ہمارے معاشرے میں اکثر عورتوں کے مسائل کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔ گھریلو تشدد، ذہنی دباؤ، معاشی پریشانی، شوہر کا ظلم، خاندان کی بے رخی اور جعلی عاملوں، پیروں کے چکر میں پھنس جانا، یا سوشل میڈیا پر کسی سے دوستی ہو جانا ایسے عوامل ہیں جو کسی بھی کمزور ذہن کو تباہ کر سکتے ہیں۔ اگر کسی عورت کی ذہنی حالت خراب تھی تو اس کی بروقت مدد کیوں نہ کی گئی؟ اگر اس پر ظلم ہو رہا تھا تو اسے تحفظ کیوں نہ ملا؟ اگر کوئی اسے گمراہ کر رہا تھا تو اسے روکا کیوں نہ گیا؟ اس سانحے میں صرف ایک عورت کو سزا دینا کافی نہیں ہوگا۔ کیونکہ ایسے سانحات اچانک نہیں ہوتے، ان کے پیچھے کئی خاموش وجوہات ہوتی ہیں۔ قانون کا کام صرف مجرم کو سزا دینا نہیں بلکہ معاشرے کو سبق دینا بھی ہے۔ اس واقعے کے تمام کرداروں کو نشانِ عبرت بنایا جانا چاہیے تاکہ آئندہ کوئی معصوم بچہ ایسی درندگی کا شکار نہ ہو۔ بچوں کا تحفظ ریاست، خاندان اور معاشرے سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ماں کا اصل روپ محبت ہے، نفرت نہیں۔ ماں کا اصل چہرہ دعا ہے، بددعا نہیں۔ ماں کی گود امن ہے، خوف نہیں۔ لیکن جب حالات، جہالت، ظلم، ذہنی بیماری یا پھر کوئی بھی اور وجہ اس رشتے پر سیاہ سایہ ڈال دے تو پھر ایسے المناک واقعات جنم لیتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم صرف افسوس نہ کریں بلکہ اپنے گھروں، خاندانوں اور معاشرے میں ایسے مسائل کو بروقت پہچانیں۔ عورتوں کی ذہنی صحت، گھریلو سکون، بچوں کے تحفظ اور انصاف کے نظام کو مضبوط بنائیں۔ ورنہ آج اگر ہم خاموش رہے تو کل کسی اور گھر سے بھی ایسی ہی دردناک خبر آ سکتی ہے۔ ماں واقعی رحمت ہے، لیکن جب معاشرے میں ایسے واقعات نظروں سے گزرتے ہیں تو پھر یہ سوال اٹھتا ہے کہ۔ کیا ماں کا ایک روپ یہ بھی ہے؟

کتابوں کا عالمی دن

تحریر: عنیبہ لطیف

کچھ دن محض کیلنڈر کے اوراق پر درج تاریخیں نہیں ہوتے، بلکہ وہ شعور کی دہلیز پر دستک دیتے ہیں، دل کے بند دریچوں کو کھولتے ہیں اور انسان کو اس کے اصل مقام کا احساس دلاتے ہیں۔ کتابوں کا عالمی دن بھی ایسا ہی ایک دن ہے جو ہمیں یاد دلاتا ہے کہ لفظ محض سیاہی نہیں ہوتے، بلکہ یہ وہ چراغ ہیں جو اندھیروں میں راستے بناتے ہیں۔ کتاب وہ خاموش دوست ہے جو کبھی تھکتا نہیں، کبھی شکوہ نہیں کرتا، اور کبھی ساتھ نہیں چھوڑتا۔ یہ وہ آئینہ ہے جس میں انسان اپنی سوچ، اپنے خواب اور اپنی حقیقت کو دیکھ سکتا ہے۔ کتابیں انسان کو صرف علم نہیں دیتیں بلکہ اسے جینے کا ہنر سکھاتی ہیں؛ گر کر سنبھلنا اور سنبھل کر آگے بڑھنا سکھاتی ہیں۔ آج کے اس تیز رفتار دور میں، جہاں ہر چیز ایک کلک کی محتاج ہو چکی ہے، وہاں بھی کتاب کی خوشبو اپنی جگہ قائم ہے۔ کاغذ کے لمس میں ایک عجیب سا سکون ہوتا ہے جو کسی اسکرین میں نہیں ملتا۔ کتاب کا ہر صفحہ ایک نئی دنیا کا دروازہ ہوتا ہے، ایک ایسا سفر جہاں انسان اپنے آپ سے بھی ملتا ہے اور کائنات سے بھی۔ کتابوں کا عالمی دن ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ کیا ہم نے واقعی کتاب سے اپنا رشتہ نبھایا ہے، یا ہم نے اسے محض نصاب تک محدود کر دیا ہے۔ کتابیں صرف امتحان پاس کرنے کا ذریعہ نہیں ہوتیں بلکہ یہ زندگی کو سمجھنے کا وسیلہ ہوتی ہیں۔ یہ ہمیں سکھاتی ہیں کہ دکھ کو لفظوں میں کیسے ڈھالا جائے اور خاموشی کو آواز کیسے دی جائے۔ ایک اچھی کتاب انسان کے اندر انقلاب برپا کر سکتی ہے۔ وہ ایک عام سوچ کو غیر معمولی بنا سکتی ہے، ایک خاموش ذہن کو بولنے پر مجبور کر سکتی ہے۔ کتابیں وہ طاقت رکھتی ہیں جو تلواریں نہیں رکھتیں، کیونکہ تلوار جسم کو زخمی کرتی ہے اور کتاب ذہن کو جگاتی ہے۔ کتابوں کا عالمی دن دراصل علم سے محبت کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم کتاب کو دوبارہ اپنا ساتھی بنائیں، اس کے ساتھ وقت گزاریں، اس کے لفظوں میں چھپے درد کو محسوس کریں اور اس کے پیغام کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں، کیونکہ جو قومیں کتاب سے جڑ جاتی ہیں وہ کبھی زوال کا شکار نہیں ہوتیں۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم نئی نسل کو کتاب کی اہمیت سے آگاہ کریں، انہیں یہ احساس دلائیں کہ موبائل کی روشنی عارضی ہے لیکن کتاب کی روشنی دائمی ہے۔ کتابیں صرف ماضی کی کہانیاں نہیں سناتیں بلکہ مستقبل کی بنیاد رکھتی ہیں۔ جب ایک قاری کسی کتاب کو دل سے پڑھتا ہے تو وہ صرف لفظ نہیں پڑھ رہا ہوتا بلکہ ایک نئی دنیا تخلیق کر رہا ہوتا ہے—ایک ایسی دنیا جہاں احساس زندہ ہوتے ہیں، سوچ آزاد ہوتی ہے، اور انسان خود کو پہچان لیتا ہے۔

غیبت: ہماری روزمرہ زندگی کی ایک خاموش برائی

تحریر: فروا اسلم (حبیب آباد/پتوکی)

ہماری روزمرہ محفلوں میں ایک ایسی عادت آہستہ آہستہ جڑ پکڑ چکی ہے جسے ہم اکثر معمولی سمجھ کر نظرانداز کر دیتے ہیں حالانکہ اس کے اثرات بہت گہرے ہوتے ہیں اور یہ عادت غیبت ہے۔ بظاہر یہ چند جملوں کا تبادلہ لگتی ہے مگر حقیقت میں یہ دلوں کو توڑنے اور رشتوں کو کمزور کرنے کا سبب بن جاتی ہے۔ سادہ لفظوں میں غیبت یہ ہے کہ ہم کسی شخص کے پیچھے اس کی ایسی بات کریں جو اگر وہ خود سن لے تو اسے تکلیف پہنچے چاہے وہ بات حقیقت ہی کیوں نہ ہو۔ قرآن مجید میں اس عمل کو نہایت سخت انداز میں بیان کیا گیا ہے، تاکہ انسان اس کی سنگینی کو محسوس کرے۔ یہ محض ایک اخلاقی نصیحت نہیں بلکہ ایک واضح تنبیہ ہے کہ زبان کا غلط استعمال انسان کو کہاں لے جا سکتا ہے۔ اگر ہم اپنے اردگرد نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ غیبت اکثر حسد، مقابلہ بازی یا دل کی کسی چھپی ہوئی ناراضگی کا نتیجہ ہوتی ہے۔ کبھی ہم خود کو بہتر دکھانے کے لیے دوسروں کی خامیاں بیان کرتے ہیں، اور کبھی محفل کو دلچسپ بنانے کے لیے کسی کی غیرموجودگی میں اس کا ذکر چھیڑ دیتے ہیں۔ یہی وہ لمحے ہوتے ہیں جہاں ہم انجانے میں ایک بڑی غلطی کر بیٹھتے ہیں۔ غیبت کے اثرات صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے معاشرے میں پھیل جاتے ہیں۔ جب لوگوں کو یہ احساس ہو جائے کہ ان کی غیرموجودگی میں ان کی باتیں کی جاتی ہیں تو اعتماد کی فضا ختم ہونے لگتی ہے۔ دلوں میں بدگمانی پیدا ہوتی ہے اور تعلقات میں دراڑیں آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ ایک ایسا معاشرہ جہاں لوگ ایک دوسرے پر بھروسہ نہ کریں، وہاں سکون اور ہم آہنگی قائم رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسلام نے غیبت سے اس لیے سختی سے منع کیا ہے کہ یہ انسان کی عزتِ نفس کو مجروح کرتی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے بھی اپنی تعلیمات میں بار بار اس برائی سے بچنے کی تلقین فرمائی۔ دراصل اسلام ایک ایسا معاشرہ چاہتا ہے جہاں لوگ ایک دوسرے کے لیے خیرخواہی کا جذبہ رکھیں، نہ کہ ایک دوسرے کی کمزوریوں کو اچھالیں۔ ایک پہلو یہ بھی ہے کہ غیبت کرنے والا خود بھی نقصان اٹھاتا ہے۔ وقتی طور پر اسے شاید کوئی فرق محسوس نہ ہو، مگر آہستہ آہستہ یہ عادت اس کے کردار کا حصہ بن جاتی ہے اور لوگ اس پر اعتماد کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ یوں وہ خود تنہائی کا شکار ہو جاتا ہے، حالانکہ اسے اس کا احساس بھی نہیں ہوتا۔ اگر ہم واقعی ایک بہتر اور پُرسکون معاشرہ چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی گفتگو پر نظر رکھنا ہوگی۔ ہر بات کہنے سے پہلے یہ سوچنا ضروری ہے کہ کیا یہ کسی کے دل کو دکھا سکتی ہے۔ اگر ہم اپنی زبان کو قابو میں رکھ لیں تو نہ صرف ہم خود کو بلکہ اپنے معاشرے کو بھی ایک بڑی خرابی سے بچا سکتے ہیں۔ یہی چھوٹی چھوٹی احتیاطیں بڑے مثبت تبدیلیوں کا سبب بنتی ہیں۔

☆☆☆

پی ایچ ڈی کے بعد بھی بے یقینی۔۔۔ ایک اہل فرد کی خاموش جدوجہد

ڈاکٹر مبین عنایت

میں ڈاکٹر مبین عنایت ہوں۔ برسوں کی محنت، تحقیق اور مسلسل جدوجہد کے بعد میں نے پی ایچ ڈی مکمل کی—یہ وہ منزل تھی جس کے لیے نہ جانے کتنی راتیں جاگ کر گزاریں، کتنے خواب ملتوی کیے، اور کتنی قربانیاں دیں۔ لیکن آج، اس کامیابی کے باوجود، ایک عجیب سا خلا اور افسوس دل میں جگہ بنائے ہوئے ہے: مجھے ابھی تک اپنی قابلیت اور معیار کے مطابق ملازمت نہیں مل سکی۔ ہمارے معاشرے میں پی ایچ ڈی کو علم و تحقیق کی معراج سمجھا جاتا ہے، مگر عملی زندگی میں اس کی قدر ہمیشہ ویسی نہیں ہوتی جیسی ہونی چاہیے۔ جب میں اپنی ڈگری لے کر مختلف اداروں کے دروازوں پر جاتی ہوں تو مجھے خوش آمدید کہنے کے بجائے ایک غیرمحسوس خوف کا سامنا کرنا پڑتا ہے—جیسے میری قابلیت ان کے لیے بوجھ بن جائے گی، یا میں ”زیادہ تنخواہ“ کا مطالبہ کروں گی۔ یہ رویہ صرف میرے ساتھ نہیں، بلکہ ان بہت سے افراد کے ساتھ ہے جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی اپنے لیے موزوں مقام نہیں پا رہے۔ ادارے اکثر ایسے افراد کو ترجیح دیتے ہیں جو کم تنخواہ پر کام کر سکیں، چاہے ان کی علمی قابلیت محدود ہی کیوں نہ ہو۔

شوبز SHOWBIZ

ساس کے رویوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے، فضیلہ قاضی

کوئی یہ نہیں سوچتا بیٹوں کی شادی کے بعد ساس کا رویہ کیوں بدل جاتا ہے

لاہور (یواین پی) سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ ساس کے رویوں کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے، اکثر لوگ یہ کہتے ہیں کہ بیٹوں کی شادی کے بعد ساس کا رویہ بدل جاتا ہے مگر کوئی یہ نہیں سوچتا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ زیادہ تر خواتین اس عمر میں ہوتی ہیں جب ان کے بچوں کی شادیاں ہوتی ہیں اور یہ عمر پری مینوپاز کا مرحلہ ہوتی ہے، جس میں ہارمونل تبدیلیاں خواتین کے جذبات اور رویے پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ اس عمر میں خواتین زیادہ جذباتی ہو جاتی ہیں اور اکثر رونے لگتی ہیں، جبکہ ماضی میں اس حوالے سے آگاہی کم ہونے کے باعث خواتین خود بھی ان تبدیلیوں کو سمجھ نہیں پاتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ خواتین ساس بنتی ہیں تو ان تبدیلیوں کو سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے اور بعض اوقات وہ خود ترس میں مبتلا ہو جاتی ہیں۔

پنجابی فلم ”جج ابے دی“ عید الاضحیٰ پر پیش کی جائے گی

اداکار ظفر ارشاد کی پنجابی فلم ”جج ابے دی“ عید الاضحیٰ پر سینماؤں میں نمائش کے لئے پیش کی جائے

لاہور (یواین پی) اسٹیج، فلم اور ٹی وی کے نامور اداکار ظفر ارشاد کی پنجابی فلم عید الاضحیٰ پر ریلیز ہو گی۔ اداکار ظفر ارشاد کی پنجابی فلم ”جج ابے دی“ ”عید الاضحیٰ پر سینماؤں میں نمائش کے لئے پیش کی جائے گی۔ ظفر ارشاد نے بتایا کہ یہ ایک کامیڈی اور رومانوی فلم ہے جو یقیناً فلم بینوں کی توقعات پر پورا اترے گی۔ فلم میں تمام اداکاروں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فلم کے رائٹر نور سلطان ورک، پروڈیوسر ناصر میر جبکہ ہدایتکار شیخ فراز ہیں۔ فلم کی موسیقی طارق طافو نے مرتب کی ہے

اسٹیج ڈرامہ ”چاند کب نکلے گا“ نے فیملیوں کی بھرپور توجہ حاصل کر لی

فیملیوں کی دلچسپی سے واضح ہوگیا لوگ آج بھی اصلاحی اسٹیج دیکھنا چاہتے ہیں



لاہور (یواین پی) پنجاب آرٹ کونسل کے زیر اہتمام اوپن ائیر تھیٹر باغ جناح میں پیش کیے گئے فیملی ڈرامے ”چاند کب نکلے گا“ نے فیملیوں کی بھرپور توجہ حاصل کر لی۔ ڈرامے کی کاسٹ میں ہما علی، جواد وسیم، حسن مراد، سونیا چوہدری، عیشا منی، سعدیہ شیخ، ظفر ارشاد، توقیر زیدی، بابر عباس، یوسف انجم، حسنین حیدر، اعجاز بلی، ذیشان، خرم امیر سمیت دیگر شامل ہیں۔ ڈرامے کے رائٹر و ڈائریکٹر گوشی خان ہیں جو ڈرامے میں خود بھی مرکزی کردار نبھا رہے ہیں۔ اوپن ائیر تھیٹر آنے والی فیملیوں نے بتایا کہ طویل عرصے کے بعد ایک اچھا فیملی اسٹیج ڈرامہ دیکھنے کو ملا ہے اور امید ہے یہ کاوشیں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔ رائٹر و ڈائریکٹر گوشی خان نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری کی رہنمائی میں پنجاب آرٹ کونسل کے ڈائریکٹر محبوب عالم نے فیملی اسٹیج ڈرامے کی بحالی کے لئے جس قدر کاوشیں کی ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے صاف ستھرے اسٹیج ڈرامے کی بحالی کا بیڑہ اٹھایا اور فیملی کے لئے تین روز مفت اسٹیج ڈرامے کا اہتمام کیا اور فیملیوں نے جس طرح کا مثبت ردعمل دیا ہے اس سے واضح ہوگیا ہے کہ لوگ آج بھی اصلاحی اسٹیج ڈرامہ دیکھنا چاہتے ہیں۔

پابندیوں سے فنکاروں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں، ڈاکٹر اجمل

تھیٹر کے رات گیارہ بجے سے ایک بجے تک شوز بحال کئے جائیں

لاہور (یواین پی) فنکار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری، نامور رائٹر و ڈائریکٹر ڈاکٹر اجمل ملک نے کہا ہے کہ اسٹیج واحد شعبہ ہے جسے حکومتی سرپرستی حاصل نہیں رہی، اسٹیج کے کئی فنکار ایسے ہیں جنہوں نے زندگی کے آخری سال انتہائی زبوں حالی میں گزارے اور سسک سسک کر جان دی۔ یواین پی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ساری دنیا میں فنکاروں کی عزت اور قدر کی جاتی ہے مگر ہمارے ہاں ایسی کوئی پالیسی نہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب، سیکرٹری اطلاعات اور ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل سے اپیل ہے کہ اسٹیج پر عائد بے جا پابندیوں کی وجہ سے چھوٹے فنکار تباہ ہو رہے ہیں، ان کا روزگار ختم ہونے سے ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں۔ اپیل ہے کہ تھیٹر کے رات گیارہ بجے سے ایک بجے تک شوز بحال کئے جائیں تاکہ فنکار اپنے بچوں کے لئے رزق کما سکیں۔

ٹیسٹ کرکٹر ظفر گوہر پاکستان چھوڑ کر کیوں گئے، وجہ خود بتا دی

لندن (یواین پی) انگلش کاؤنٹی کرکٹ میں اسپنر کے لیے چند روایتی تصورات پائے جاتے ہیں کہ عمر کے ساتھ کارکردگی میں نکھار آتا ہے اور ٹیم میں بننے کے لیے بیٹنگ صلاحیت بھی ضروری ہوتی ہے۔ مڈل سیکس کے پاکستانی نژاد اسپنر ظفر گوہر اب ان دونوں خصوصیات کے ساتھ ایک تیسری اہم شرط بھی پوری کر چکے ہیں، یعنی وہ اب انگلینڈ کے لیے کھیلنے کے اہل ہیں۔ پاکستان کی جانب سے ایک ون ڈے اور ایک ٹیسٹ میچ کھیلنے والے 31 سالہ ظفر گوہر اب برطانوی شہریت حاصل کرنے کے بعد انگلینڈ ٹیم میں جگہ بنانے کے خواہشمند ہیں۔

اللہ کے واسطے کراچی کی سڑکیں ٹھیک کر دیں، موجودہ صورت حال دیکھ کر مجھے غصہ آتا ہے

کراچی (یواین پی) معروف پاکستانی اداکارہ شگفتہ اعجاز نے کہا ہے کہ اللہ کے واسطے کراچی کی سڑکیں ٹھیک کر دیں، موجودہ صورت حال دیکھ کر مجھے غصہ آتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حال ہی میں شگفتہ اعجاز نے نجی ٹی وی چینل کے شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف امور پر بات کرتے ہوئے کراچی کے بارے میں اپنی بے لاگ رائے کا اظہار کیا۔ ایک سوال کہ اگر آپ کو کراچی کو ایک جملے میں بیان کرنا ہو تو کیا کہیں گی؟ کے جواب میں اداکارہ نے صرف ایک لفظ کا استعمال کیا اور کہا کہ گندا۔ انہوں نے وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ میں کراچی کے

انڈسٹری میں سیاسی ماحول دیکھ کر کئی بار شوبز کو خیر باد کہنے کا سوچا ہے، علی ظفر

میں اپنے کیریئر سے محبت کرتا ہوں، مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت اور عزت ملی

کراچی (یواین پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ عالمی شہرت یافتہ معروف گلوکار و اداکار علی ظفر نے انکشاف کیا ہے کہ انڈسٹری میں سیاسی ماحول دیکھ کر کئی بار شوبز کو خیر باد کہنے کا سوچا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران گفتگو کرتے ہوئے علی ظفر نے شوبز کو مکمل طور پر خیر باد کہنے سے متعلق اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ علی ظفر نے کہا کہ میں اپنے کیریئر سے محبت کرتا ہوں، مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت اور عزت ملی ہے، لیکن دل سے محض ایک فنکار ہوں، ایک معصوم خواہش کے ساتھ شوبز میں آیا تھا کہ صرف فن تخلیق کروں۔

سورج بابا نے نہایت کم عرصے میں بہترین لکھاری کا اعزاز حاصل کیا

خدا کی ذات نے رائٹر سورج بابا کو بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے، سینئر اداکارہ

لاہور (یواین پی) سینئر اداکارہ نادیہ افگن نے کہا ہے کہ سورج بابا نے نہایت کم عرصے میں بہترین لکھاری کا اعزاز حاصل کیا ہے، سورج بابا نے جب اسکرپٹ رائٹر کیریئر کا آغاز کیا تو اس وقت میں نے دیگر سینئر ساتھیوں کے ساتھ ان کے لکھے ہوئے پراجیکٹ میں کام کیا۔ ایک انٹرویو میں نادیہ افگن نے کہا کہ میں طویل عرصے کے بعد سورج بابا کے لکھے ہوئے پراجیکٹ میں کام کر رہی ہوں اور میں اس کے لئے پرجوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ خدا کی ذات نے رائٹر سورج بابا کو بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا ہے، جس کی بدولت ان کے لکھے ہوئے پراجیکٹ کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔

سپورٹس SPORTS

54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لئے مضبوط اتھلیٹکس ٹیم تیار کی جائے گی

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سیف اسلام آفریدی نے کہا ہے کہ 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لئے خیبر پختونخوا کے کھلاڑیوں پر مشتمل مضبوط اتھلیٹکس ٹیم تیار کی جائے گی اور خطے میں اتھلیٹکس کے کھیل کے فروغ کے لئے ایشیا اتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی کی کاوشیں اور کوششیں قابل تعریف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قیوم سپورٹس کمپلیکس، پشاور خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 14 سے 17 مئی تک کراچی میں کھیلی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ کے لئے خیبر پختونخوا کی ٹیم تیار کی جائے گی اور ٹرائلز میں خیبر پختونخوا صوبے سے مرد اور خواتین کھلاڑیوں کی کثیر تعداد حصہ لے رہی ہیں اور کھلاڑیوں کی سلیکشن میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں اتھلیٹکس کے کھیل کے ٹیلنٹ کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور اس ٹیلنٹ کو ابھارنے اور بروئے کار لانے کے لئے خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ خطے میں اتھلیٹکس کے کھیل کے فروغ کے لئے ایشیا اتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی کی کاوشیں اور کوششیں قابل تعریف ہیں۔

حکومت نے پی ایس ایل فائنل میں تماشائیوں کو سٹیڈیم آنے کی اجازت دیدی

پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن کا فائنل 3 مئی کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا

لاہور (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان سپر لیگ کے گیارہویں ایڈیشن کے فائنل کے لیے تماشائیوں کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دیدی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ میں نے وزیراعظم شہباز شریف سے تماشائیوں کو اسٹیڈیم میں آنے کی اجازت دینے کی درخواست کی تھی۔ محسن نقوی نے کہا وزیراعظم بھی چاہتے تھے کہ فینز کو اجازت ملنی چاہیے، فرنچائز آنرز کی درخواست پر وزیراعظم نے پی ایس ایل فائنل میں فینز کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دے دی ہے۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے کفایت شعاری مہم پر بھی زور دیا ہے۔ خیال رہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی اور امریکا ایران جنگ کے باعث پیدا ہونے والے تیل بحران کے پیش نظر وزیراعظم پاکستان نے ملک بھر میں کفایت شعاری مہم کا اعلان کر رکھا ہے۔

بلوچستان فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق جنرل سیکرٹری حاجی سعید احمد تکوکی

کوئٹہ (یواین پی) بلوچستان فٹ بال ایسوسی ایشن کے سابق جنرل سیکرٹری حاجی سعید احمد تکو نے سابق انٹرنیشنل فٹ بالر عبداللہ راہی کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں کہا کہ مرحوم کی ملک میں فٹ بال کی ترقی کے لئے خدمات کو ہمیشہ کے لئے یاد رکھا جائے گا۔

☆☆☆

وکٹ کا اندازہ تھا، کنڈیشنز کے مطابق نہیں کھیلے، جیسن گیلسپی

جب آپ 80 پر آؤٹ ہو جاتے ہیں، تو اگلی ٹیم کو روکنا مشکل ہوتا ہے

کراچی (یواین پی) حیدرآباد کنگزمین کے [illegible] جیسن گیلسپی [illegible] کنڈیشنز کے مطابق نہیں کھیلا۔ [illegible] جب آپ 80 پر آؤٹ ہو جاتے ہیں [illegible]

روبوٹ نے ٹیبل ٹینس کے بہترین کھلاڑیوں کو شکست دیکر تاریخ رقم کر دی

ایس ٹی نامی خودکار پنگ پونگ روبوٹ نے بہترین کھلاڑیوں کا مقابلہ کرتے ہوئے نئی تاریخ رقم کر دی

ٹوکیو (یواین پی) [illegible] روبوٹ [illegible] ٹیبل ٹینس کے [illegible] کھلاڑیوں کو شکست دے کر تاریخ رقم کر دی۔ [illegible]

کوکین استعمال، نیوزی لینڈ کے سابق فاسٹ بولر پر 2 سالہ پابندی عائد

بریسویل نے گزشتہ سال کاؤنٹی چیمپئن شپ کے فائنل کے دوران کوکین کا استعمال کیا

لندن (یواین پی) نیوزی لینڈ کے سابق فاسٹ بولر پر کوکین کے استعمال کے باعث 2 سال کی پابندی لگ گئی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق 35 سالہ بریسویل نے گزشتہ برس کاؤنٹی چیمپئن شپ کے فائنل میں کوکین کا استعمال کیا تھا۔ نیوزی لینڈ کے سابقہ فاسٹ بولر کا 25 ستمبر کو ٹیسٹ مثبت آیا جبکہ بریسویل نے بھی کوکین کے استعمال کا اعتراف کیا، وہ ایونٹ میں ایسیکس کی نمائندگی کر رہے تھے۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے باوجود منشیات کا ٹیسٹ مثبت آنے پر بریسویل پر 2 سال کی پابندی لگائی گئی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ بریسویل نے کوکین استعمال پر بطور سزا 2 سالہ پابندی کو تسلیم کر لیا ہے جبکہ ایسیکس کاؤ؟ نٹی کو کوئی سزا نہیں ہوگی۔ نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے سابقہ فاسٹ بولر 2024ء میں بھی کوکین کے استعمال کی وجہ سے ایک ماہ پابندی کا شکار ہوئے تھے۔ بریسویل نے 2011ء میں بنگلادیش کے خلاف ڈیبیو کیا، انہوں نے 69 انٹرنیشنل میچز میں نیوزی لینڈ کی نمائندگی کی اور 2025ء میں ہر طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔

نائیجیریا کے سابق فٹبالر دوستانہ میچ کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

مائیکل ایزامو اپنی جارحانہ انداز کھیل کی وجہ سے ”دی ٹینک“ کے نام سے جانے جاتے تھے

کادونا (یواین پی) نائیجیریا کے سابق انٹرنیشنل اسٹرائیکر مائیکل ایزامو دوستانہ میچ کے دوران 40 برس کی عمر میں اچانک انتقال کر گئے۔ اطلاعات کے مطابق وہ نائیجیریا کے شہر کادونا میں ایک دوستانہ فٹبال میچ کے دوران اچانک میدان میں گر پڑے تھے۔ مائیکل ایزامو، جو اپنی جسمانی طاقت اور جارحانہ کھیل کے باعث ”دی ٹینک“ کے نام سے مشہور تھے، نے میچ کا پورا پہلا ہاف بغیر کسی پریشانی کے کھیلا۔ تاہم دوسرے ہاف کے صرف 5 منٹ بعد وہ بغیر کسی کھلاڑی سے ٹکراؤ کے اچانک زمین پر گر گئے۔ ابتدائی طبی رپورٹس اور نائیجیرین فٹبال فیڈریشن کے مطابق ان کی موت کی وجہ دل کا دورہ بتائی جا رہی ہے۔ میدان میں فوری طبی امداد دی گئی اور انہیں قریبی ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم ڈاکٹروں نے ہسپتال پہنچنے پر ان کے انتقال کی تصدیق کر دی۔

شائقین کو فائنل کیلئے اسٹیڈیم کی آنے کی اجازت

لاہور/اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن کے فائنل میں شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل کے فائنل میچ کی ٹکٹوں اور انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔

عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

متعدد شعبوں میں نمایاں بچت ممکن ہوئی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے ہی اپنی تنخواہ اور تمام سرکاری مراعات نہ لینے کا اعلان کر چکے ہیں جبکہ سرکاری پروٹوکول میں سادگی کو فروغ دیتے ہوئے ذاتی گاڑیوں کے استعمال کو ترجیح دی گئی۔ کفایت شعاری اقدامات کے تحت ارکان پنجاب اسمبلی کی تنخواہوں سے کٹوتی کی گئی جبکہ گریڈ 20 سے اوپر کے افسران کی دو روزہ تنخواہ بھی قومی خزانے کے لیے مختص کی گئی۔ سرکاری گاڑیوں کے پٹرول اخراجات میں 50 فیصد کمی لائی گئی جبکہ بجلی کے استعمال میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی اور صرف دو ماہ میں ایک لاکھ 11 ہزار سے زائد یونٹس کی بچت ممکن بنائی گئی۔ غیر ضروری خریداری پر مکمل پابندی عائد رہی اور کسی قسم کی نئی پروکیورمنٹ نہیں کی گئی جبکہ غیر ملکی سرکاری دوروں پر بھی مکمل پابندی نافذ رہی۔ سرکاری تقریبات اور انٹرٹینمنٹ اخراجات میں نمایاں کمی کے ساتھ اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجلاس ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیے گئے، جس سے اضافی اخراجات میں مزید کمی آئی۔ پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے کفایت شعاری مہم کے تحت حاصل ہونے والی 77 کروڑ روپے کی یہ بچت حکومتی وسائل کے موثر استعمال اور مالی نظم وضبط کا عملی مظہر قرار دی جارہی ہے۔

بقیہ 2

ا ہے۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے ہر چیز مہنگی ہوگی، غریب کو کچلا جارہا ہے، اشیائے خورد ونوش، ٹرانسپورٹ اور روزمرہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، ہر فیصلہ عوام دشمن، حکمران اپنی عیاشیوں میں مصروف ہیں، غریب آدمی دووقت کی روٹی کیلئے پریشان، حکومت بے حس بنی بیٹھی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا گیا کہ پیٹرول وڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے، عوام کو حقیقی ریلیف نہ دیا گیا تو شدید عوامی ردعمل آئے گا۔ مہنگائی کے خلاف بہت جلد تحریک شروع کریں گے۔

بقیہ 3

طور پر بدل کر رکھ دیا ہے، جہاں دلہنوں اور ان کے خاندانوں کے لیے خالص سونا خریدنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ سونے کی قیمتوں میں اضافے کے بعد دلہنیں اب نقلی زیورات پر مائل ہونے لگی ہیں، دوسری جانب ایک گرام گولڈ جیولری بطور متبادل تیزی سے مقبول ہورہی ہے، یوں سمجھیں کہ متوسط طبقے حکمت عملی بدل رہا ہے۔ ادھر پاکستان، بھارت اور بنگلادیش میں سونے کی خریداری میں بھی نمایاں کمی دیکھی گئیں جس کے بعد سونا اب زیور نہیں، سرمایہ کاری کے طور پر دیکھا جانے لگا ہے۔

بقیہ 4

زیر خارجہ عباس عراقچی کی اسلام آباد میں پہلی باضابطہ ملاقات کے دوران ایران اور پاکستان کے درمیان علاقائی سکیورٹی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفارتی ذرائع نے بتایا کہ فیلڈ مارشل سے ملاقات میں وزیر داخلہ محسن نقوی اور قومی سلامتی مشیر جنرل عاصم ملک بھی شریک ہوئے جبکہ ایرانی وفد میں نائب وزیر خارجہ غریب آبادی، سفیر رضا امیری مقدم اور ترجمان وزارت خارجہ اسماعیل بقائی شامل تھے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات کے دوران ایران اور پاکستان نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ پر زور دیا اور پاک ایران تعلقات اور سکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 5

یک 4 شالی کے گھر میں چولہا کھلا ہونے کی وجہ سے گیس لیکج میں جلاتے ہی آگ بھڑک اٹھنے سے دو خواتین 52 سالہ کوثر بی بی، 35 سالہ اقرا بی بی دو بچے چار سالہ حبیب محسن اور 16 سالہ علی حسن بری طرح جھلس گئے جن کو فوری طبی امداد دے کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 6

مطالبہ کیا کہ حکومت میرے شوہر کو واپس لانے کے لیے اقدامات کرے۔ امین کے والد نے کہا کہ وہ میرا اکلوتا بیٹا ہے۔ ایک اور بزرگ شہری نے کہا کہ مجھے میرا بیٹا ہر صورت چاہیے، مجھے قبرستان چھوڑ کر کون آئے گا۔

بقیہ 7

کھنے والے خاندان بھی آسان اقساط پر گھر حاصل کر سکیں۔ اس اسکیم کے تحت شہریوں کو نرم شرائط پر قرض فراہم کیا جاتا ہے جس سے وہ اپنا گھر تعمیر یا خرید سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت اس پروگرام کو مزید موثر اور شفاف بنانے کے لیے نئے اقدامات بھی متعارف کرا رہی ہے جبکہ درخواست کے طریقہ کار کو بھی آسان بنایا جارہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ عوام کو اپنی چھت فراہم کرنے کے عزم کا حصہ ہے اور اس کے ذریعے ہزاروں خاندانوں کو ریلیف ملنے کی توقع ہے۔ حکومت کے مطابق عوام کو اپنی چھت فراہم کرنا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس پروگرام کی توسیع اسی عزم کا تسلسل ہے۔ حکام پر امید ہیں کہ اس اقدام کے ذریعے نہ صرف بے گھر افراد کو رہائش کی سہولت ملے گی بلکہ سماجی استحکام اور معاشی ترقی میں بھی مدد ملے گی جس سے صوبے میں ایک مثبت تبدیلی کا آغاز ہوگا۔

بقیہ 8

داخل ہو چکا ہے۔ دونوں اہم تجارتی مراکز میں ترقیاتی سرگرمیاں برق رفتاری سے جاری ہیں اور منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سرگودھا حسین احمد رضا چوہدری نے آج موقع پر پہنچ کر جاری بیوٹیفکیشن کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی ہیڈکوارٹر محمد ارشد وٹو، ہائی وے اور فیسکو کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ فیسکو حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سٹی روڈ پر بجلی کی تنصیبات کو زیرِ زمین منتقل کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے اور ٹرانسفارمرز اور تاروں کو ہٹا کر جدید زیرِ زمین نظام نصب کیا جارہا ہے، جو بڑی حد تک مکمل ہو چکا ہے اور اسے طے شدہ شیڈول کے مطابق مکمل کر لیا جائے گا۔ اسی طرح کچہری بازار میں بھی بیوٹیفکیشن کے کام تیزی سے جاری ہیں۔ دونوں بازاروں میں دکانوں کے سامنے خوبصورت فرنٹس (فساڈ) تیار کیے جا رہے ہیں، جبکہ منصوبے کے تحت ان بازاروں کو مرحلہ وار پیڈیسٹرین زون میں تبدیل کیا جائے گا۔ دکانوں کے سامنے یکساں ڈیزائن کے جدید بورڈز بھی نصب کیے جائیں گے تاکہ بازاروں کی مجموعی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق سرگودھا شہر کو جدید اور خوبصورت شہری مرکز میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام کام اعلیٰ معیار کے مطابق اور بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو بہترین سہولیات میسر آ سکیں۔ اس موقع پر تاجروں نے ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کی اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس منصوبے پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سٹی روڈ اور کچہری بازار کی بیوٹیفکیشن سے نہ صرف علاقے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا، دور دراز سے لوگ خریداری کے لیے آئیں گے اور مقامی معیشت مستحکم ہوگی۔ انہوں نے اس اقدام کو حکومت پنجاب کا احسن قدم قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے ترقیاتی منصوبے مستقبل میں بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ 9

77 کروڑ روپے کی خطیر بچت سرکاری خزانے میں سرنڈر کر دی۔ یہ اقدام وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت اٹھایا گیا جس کے نتیجے میں پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں متعدد شعبوں میں نمایاں بچت ممکن ہوئی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں پہلے ہی اپنی تنخواہ اور تمام سرکاری مراعات نہ لینے کا اعلان کر چکے ہیں جبکہ سرکاری پروٹوکول میں سادگی کو فروغ دیتے ہوئے ذاتی گاڑیوں کے استعمال کو ترجیح دی گئی۔ کفایت شعاری اقدامات کے تحت ارکان پنجاب اسمبلی کی تنخواہوں سے کٹوتی کی گئی جبکہ گریڈ 20 سے اوپر کے افسران کی دو روزہ تنخواہ بھی قومی خزانے کے لیے مختص کی گئی۔ سرکاری گاڑیوں کے پٹرول اخراجات میں 50 فیصد کمی لائی گئی جبکہ بجلی کے استعمال میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی اور صرف دو ماہ میں ایک لاکھ 11 ہزار سے زائد یونٹس کی بچت ممکن بنائی گئی۔ غیر ضروری خریداری پر مکمل پابندی عائد رہی اور کسی قسم کی نئی پروکیورمنٹ نہیں کی گئی جبکہ غیر ملکی سرکاری دوروں پر بھی مکمل پابندی نافذ رہی۔ سرکاری تقریبات اور انٹرٹینمنٹ اخراجات میں نمایاں کمی کے ساتھ اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجلاس ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیے گئے، جس سے اضافی اخراجات میں مزید کمی آئی۔ پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے کفایت شعاری مہم کے تحت حاصل ہونے والی 77 کروڑ روپے کی یہ بچت حکومتی وسائل کے موثر استعمال اور مالی نظم وضبط کا عملی مظہر قرار دی جارہی ہے۔

بقیہ 10

ح متاثر ہورہے ہیں اور رات کے اوقات میں بھی سکون میسر نہیں، اس حوالے سے سٹی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد اسلم خاں و دیگر نے شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ہوسکے۔

بقیہ 11

میں پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہے۔ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اس فیصلے پر نظرثانی کی جائے اور پیٹرولیم پر وصول کی جانے والی لیوی میں کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں عوام کی قوت خرید تیزی سے جواب دے رہی ہے جس کے باعث نہ صرف گھریلو بجٹ متاثر ہو رہے ہیں بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی سست روی کا شکار ہیں۔ یہ صورتحال برقرار رہی تو اس کے معیشت پر مزید منفی اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 12

سے قبل بھی سیکڑوں مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔

بقیہ 13

اسے "ناقابل یقین" قرار دیا۔ اس طرح کے "سیکورٹی ٹیسٹ" اب بہت سے غیر ملکیوں کے لیے چین کو سمجھنے کا نیا زاویہ بن چکے ہیں۔ چین میں مقبول یہ منفرد "احساسِ تحفظ" آخر کیسے وجود میں آیا؟ پیکنگ یونیورسٹی کے شعبہ سماجیات کے پروفیسر لو جیے ہوا کے مطابق اس کی ایک بڑی وجہ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا وسیع استعمال اور پوری آبادی کی متحرک شرکت، اجتماعی تحفظ اور اجتماعی انتظام کا موثر نظام ہے، جس نے معاشرے میں ایک مضبوط حفاظتی جال قائم کر دیا ہے۔ مزید گہرائی میں دیکھا جائے تو چینی طرزِ جدیدیت کے فروغ کے ساتھ لوگوں کے معیارِ زندگی میں مسلسل بہتری آئی ہے، جس سے ان کا اندرونی سکون و تحفظ کا احساس مزید مستحکم ہورہا ہے۔ ان "تمام عناصر سے چلنے والا" احساسِ تحفظ، چینی طرزِ حکمرانی کی نمایاں کامیابیوں کا گواہ ہے اور چین کی نظامی برتری کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ احساسِ تحفظ سب سے پہلے مضبوط امن و امان میں نظر آتا ہے، جہاں قانون پر موثر عمل درآمد معاشرتی استحکام کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ دوسری جانب یہ احساس اس وجہ سے بھی مضبوط ہے کہ عوام کو اپنی زندگی میں بہتری کی واضح امید نظر آتی ہے۔ عوام کو مرکزیت میں رکھنے والی ترقیاتی منطق، اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ترقی کے ثمرات ہر فرد تک پہنچیں۔ جب زندگی مستحکم ہو، سہولیات میسر ہوں اور مستقبل کے بارے میں بے یقینی کم ہو تو معاشرہ خود بخود منظم اور پرسکون ہو جاتا ہے۔ اس احساس کی جڑیں چینی ثقافت میں بھی گہرائی تک پیوست ہیں، جہاں "اجتماعی بھلائی"، "ہم آہنگی" اور "باہمی تعاون" جیسے تصورات کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ "گودام بھرے ہوں تو آداب سے بھی شناسائی ہوتی ہے"، معاشی ترقی کے ساتھ ساتھ سماجی شعور اور تہذیبی اقدار میں بھی اضافہ ہوا ہے، جو مجموعی طور پر ایک متوازن اور محفوظ معاشرے کی تشکیل میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ آج "چین کا سفر" کرنے سے لے کر "چین میں رہنے کی خواہش" اور "چینی طرز کے احساسِ تحفظ" کے تجربے تک، دنیا بھر کے لوگوں کی دلچسپی اور مثبت ردعمل اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ انسانیت کی مشترکہ خواہش ایک محفوظ، منظم اور بہتر زندگی ہے اور چین اس سمت میں ایک نمایاں مثال کے طور پر سامنے آرہا ہے۔

بقیہ 14

کارروائی کر کے متعدد دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پولیس اور سی ٹی ڈی کے بہادر سپوتوں نے جوانمردی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ وزیراعظم نے دہشتگردوں کا دلیرانہ مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے اہلکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہید کیلئے دعائے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر و استقامت کی دعا کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت پاکستان ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 15

گھاٹکھر کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں تھانہ اے سیکشن کنڈھکوٹ کی حدود نزد روڈ نزد سبزی منڈی کے قریب انچارج مددگار خلیل لغاری اپنی ٹیم کے ہمراہ گشت پر تھے کہ انہوں نے مشکوک افراد کو ڈکیتی کی نیت سے کھڑا پایا پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے فوری اور پیشہ ورانہ انداز میں جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جن میں نوید احمد ولد شاہ محمد میرانی اور عامر ولد حاکم ملک زخمی حالت میں جبکہ ظہور ولد نور حسن ملک کو بغیر زخمی گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان شہر میں ہندو تاجروں سے ڈکیتی، اسٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری اور موبائل فون چھیننے سمیت متعدد سنگین وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے دوران انکشاف ہوا ہے کہ ملزمان نے حالیہ دنوں میں ارن کمار سے موبائل فون اور روہت کمار سے نقدی لوٹی، جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی موجود ہے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے بغیر لائسنس اسلحہ بھی برآمد کیا ہے جبکہ ان کے خلاف مختلف تھانوں میں متعدد مقدمات درج ہیں اور مزید کرمنل ریکارڈ کی جانچ جاری ہے۔ زخمی ملزمان کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ کشمور پولیس کا کہنا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 16

شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ اقراء ناصر، ڈپٹی ہیلتھ آفیسر شاہکوٹ اور دیگر معزز ممبران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی، مریضوں کی دیکھ بھال اور عملے کی کارکردگی جیسے اہم معاملات زیر بحث آئے۔ شرکاء نے ہسپتال کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اس موقع پر ایم پی اے رانا محمد ارشد نے ہسپتال کے انتظامی امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور درپیش مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔

بقیہ 17

پر خبریں نشر ہونے کے باوجود متعلقہ حکام کی جانب سے کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عیدگاہ محلہ کے رہائشی محمد عاقل چاچڑ نے اپنے 13 سالہ بیٹے کو مچھروں سے بچانے اور ملیریا جیسی خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے گھر کے اندر مچھر مار ٹکیاں جلائیں، جس کے باعث بچے کی حالت اچانک بگڑ گئی اور وہ جانبر نہ ہو سکا۔ واقعے کے بعد علاقے میں شدید غم وغصہ پایا جا رہا ہے۔ مقامی افراد نے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ انتظامیہ کی لاپرواہی کے سبب یہ سانحہ پیش آیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر واقعے کا نوٹس لے کر ذمہ داران کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے اور شہر میں باقاعدہ اسپرے مہم شروع کی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات سے بچا جا سکے۔ علاقہ مکینوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا۔

بقیہ 18

گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری پی پی 16 ملک رضوان افسر بھی ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ٹریفک مینجمنٹ کو مزید مؤثر بنانے، شہریوں کو درپیش مسائل کے حل اور عوامی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ شہریوں میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کو فروغ دیا جائے اور سڑکوں پر نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 19

ثر انداز میں چل سکیں۔ اس پر وزیر ٹرانسپورٹ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت عنقریب ایسے جدید ماڈلز متعارف کرا رہی ہے جو مری جیسے بلند پہاڑی علاقوں میں بھی کامیابی سے چلیں گے، اور یہی ٹیکنالوجی ان علاقوں کیلئے بھی زیر غور ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ منصوبے پر عملی کام جون سے شروع ہوگا جبکہ اکتوبر تا نومبر تک اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ جدید، محفوظ، ماحول دوست اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرے گا، جس سے طلبہ، خواتین، ملازمین اور روزانہ سفر کرنے والے شہری براہ راست مستفید ہوں گے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے اس پیش رفت کو علاقے کی ترقی کی جانب ایک اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ خصوصی الیکٹرک بسیں چوآ سیدن شاہ اور کلر کہار کیلئے منظور ہو جاتی ہیں تو یہ اقدام عوامی خدمت اور علاقائی بہتری کے حوالے سے ایک تاریخی پیش رفت ثابت ہوگا۔

بقیہ 20

اور ان کے خلاف متعدد شکایات سامنے آئی تھیں، کارروائی کے دوران ملزمان نے پولیس ٹیم پر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی ہوگیا اور بعد ازاں اسے گرفتار کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، زخمی ملزم کی شناخت محمد شیراز کے نام سے ہوئی ہے۔ حکام نے بتایا کہ ملزمان کا تعلق بنو چاکرہ کے علاقے سے ہے اور ان کے قبضے سے اسلحہ اور واردات میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف اقدام قتل، مزاحمت اور دیگر متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 21

، کولمبیا 31 ویں نمبر اور مغربی یورپ کے ممالک جرمنی 84 ویں نمبر، فرانس 73 ویں نمبر، اسپین 49 ویں نمبر اور برطانیہ 29 ویں نمبر سے آگے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ٹیلنٹ اسکور 80 میں سے 100 ہے، اسی پیمانے پر پاکستان عالمی سطح پر 8 ویں نمبر پر ہے، پاکستان کی درجہ بندی یورپی یونین ملک، مشرق وسطیٰ کے مالک اور اڈیکس میں شامل ہر افریقی ملک سے آگے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اوسطاً تقریباً 20 فیصد سالانہ شرح سے ترقی کر رہا ہے جو ہمارے ٹیکنالوجی ایکو سسٹم کی صلاحیت اور مضبوطی کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 22

تنے گرم موسم میں سڑکوں کا افتتاح نہ کریں تو یہ منصوبے جون سے قبل مکمل نہیں ہوسکیں گے، میرے قائد نواز شریف کی خصوصی شفقت سے اس قابل ہوئے، اس سال کے آخر تک ترقیاتی کام مکمل ہوں گے، گزشتہ برس ہندوستان نے پہلگام کا ڈرامہ رچایا جو فلاپ ہوا۔ سپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم، فیلڈ مارشل اور ڈپٹی وزیر اعظم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، پاکستان نے پہلگام واقعہ کی غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا، پھر بھارت نے حملہ کیا اور پاکستان نے دشمن کے دانت کھٹے کیے، پاکستان کو اللہ نے عزت دی اور معرکہ حق میں فتح دلائی۔ سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ ایک وہ وزیر اعظم تھا جو کہتا تھا کہ کیا میں ہندوستان پر حملہ کردوں، پاکستان کے چین، امریکہ، سعودی عرب، ایران سمیت تمام ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر ہیں، ستتالیس سال سے امریکہ اور ایران ایک جگہ اکٹھے نہیں ہوئے لیکن پاکستان نے یہ کر کے دکھایا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ہر طرف امن کے قیام کے لیے پاکستان کا نام آتا ہے، پاکستان کی ہر جگہ عزت بڑی، اُن کی عزت نہیں بڑھی جو صرف اپنے لیڈر کی آنکھ کی بات کرتے ہیں، پر امید ہوں کہ ایک دو روز میں پھر سے مذاکرات ہوں گے اور پاکستان میں ہوں گے۔ سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ پاکستان کے کہنے پر ٹرمپ نے پہلے جنگ بندی کی، ایسے لوگ ایران اور پاکستان کے درمیان بداعتمادی کی باتیں کرتے ہیں جنہیں اڈیالہ سے آگے کچھ نظر نہیں آتا، ایران پاکستان کے درمیان کوئی بداعتمادی نہیں، ایسی بات ہوتی تو اسحاق ڈار سے ایرانی وزیر خارجہ اتنی لمبی کالیں نہ کرتے۔

بقیہ 23

، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہئے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی (UNOCT) کے ساتھ مل کر اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں دہشت گردی کے نئے اور ابھرتے رجحانات کے موضوع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب نے مختلف نقطہ نظر کے حامل سفارت کاروں، اقوام متحدہ کے پالیسی ماہرین، سول سوسائٹی، نجی شعبے اور تعلیمی اداروں سے وابستہ انسداد دہشت گردی کے ماہرین کو اپنے خیالات کے تبادلے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کیا، تقریب کی مشترکہ صدارت پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد اور UNOCT کے قائم مقام انڈر سیکریٹری جنرل الیگزینڈر زدویف نے کی، افتتاحی کلمات دونوں شریک صدور نے ادا کیے جبکہ مسٹر رافع شاہ، چیف، پالیسی، نالج مینجمنٹ اینڈ کوآرڈینیشن برانچ، UNOCT، نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ پینل مباحثوں میں دہشت گردی کے عالمی ہاٹ اسپاٹس، زیر قبضہ علاقوں میں رہنے والی کمیونٹیز کے خلاف دہشت گردی، افغانستان میں قائم دہشت گرد گروہوں جیسے ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ، ای ٹی آئی ایم، داعش خراسان (K-ISIL) اور مغربی افریقہ و ساحل میں سرگرم گروہوں جیسے جے این آئی ایم کے خطرات پر بھی غور کیا گیا، آن لائن نیٹ ورکس کے ذریعے دہشت گردانہ پروپیگنڈا اور مالی معاونت کے لیے جدید ذرائع کے بڑھتے ہوئے استعمال کو بھی اجاگر کیا گیا۔ پینل میں عوامی جمہوریہ چین کے مستقل مندوب سفیر فو کونگ، اقوام متحدہ کے اینالیٹیکل سپورٹ اینڈ سینکشنز مانیٹرنگ ٹیم کے کوآرڈینیٹر کولن اسمتھ، پروفیسر فیونوالا نی آولین (KC)، جو اقوام متحدہ کے آزاد بین الاقوامی کمیشن برائے تحقیق برائے شام کی رکن اور سابق خصوصی نمائندہ برائے انسداد دہشت گردی وانسانی حقوق رہ چکی ہیں، ڈاکٹر اولاجومو کے آیانڈیلی، کلینیکل اسسٹنٹ پروفیسر، نیویارک یونیورسٹی سنٹر فار گلوبل افیئرز، کرسٹینا ہوسرتی-اوبان، ہیومن رائٹس اینڈ جینڈر سیکشن، UNOCT، مائیکل گوئیل مین، اٹلانٹک کونسل میں ریزیڈنٹ سینئر فیلو برائے جنوبی ایشیا، نورین فنک، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، گلوبل انٹرنیٹ فورم ٹو کاؤنٹر ٹیررازم (GIFCT) اور مس میکنزی رائس، پرنسپل سٹریٹجک ایڈوائزر، کرائسٹ چرچ کال فاؤنڈیشن شامل تھے۔ اپنے افتتاحی خطاب میں سفیر عاصم افتخار احمد نے تیزی سے بدلتے ہوئے خطرات کے منظرنامے، زینوفوبیا، نسل پرستی اور دیگر اقسام کی عدم برداشت، مذہب یا عقیدے کے نام پر انتہا پسندی، عالمی انسداد دہشت گردی کے ڈھانچے اور پابندیوں کے نظام میں موجود خلا، قومی حکومتوں کی حدود سے ماورا خطرات سے نمٹنے کی مشکلات اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کی جوابدہی کے چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے علاقائی تناظر میں دہشت گرد گروہوں کی جانب سے جدید ذرائع کے بڑھتے ہوئے استعمال اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کو بھی اجاگر کیا۔ قائم مقام انڈر سیکریٹری جنرل زویف نے کہا کہ دہشت گردی اب کثیرالجہتی اور پیچیدہ ہو چکی ہے اور انہوں نے مصنوعی ذہانت سمیت نئے اور ابھرتے خطرات سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا، جو خفیہ خدمات اور ڈیجیٹل اثاثوں کے ذریعے نئے خطرات پیدا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مباحث اہم ہیں کیونکہ یہ دہشت گردی کے بدلتے ہوئے رجحانات، ڈیجیٹلائزیشن اور ان پلیٹ فارمز کے غلط استعمال کو اجاگر کرتی ہیں۔

بقیہ 24

کہ شہری کو چھڑوانے والے اہلکار کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی ہوگی اختیارات سے تجاوز اور کرپشن ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 25

افسران کو ہدایت کی کہ چیکنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور بین الاضلاعی و بین الصوبائی نقل و حمل پر کڑی نظر رکھی جائے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور بھکر نے شرکت کی اور اپنے اپنے اضلاع میں گندم کی صورتحال اور کیے گئے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی کمشنر نے ہدایت کی کہ ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی نقل و حمل کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں یقینی بنائی جائیں۔

بقیہ 26

کس کا نشہ کرتے ہیں، ملزم ارشد بٹ نے نشے کی حالت میں اپنے ساتھی کو قتل کیا۔ واضح رہے کہ جمعرات کی صبح شاہ فیصل کالونی نمبر 4 جامعہ فاروقیہ کے قریب چاقو کا وار کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا تھا، مقتول کی شناخت 30 سالہ محمد شان ولد عابد علی کے نام سے کی گئی تھی۔ ایس ایچ او شاہ فیصل کالونی سرور چوہان نے واقعے کے حوالے سے بتایا تھا کہ مقتول کو اس کے ساتھی ارشد بٹ ولد محمد اسلم نے تیز دھار آلے کا وار کر کے قتل کیا، ملزم موقع سے فرار ہوگیا تھا جسے پولیس نے تعاقب کے بعد گرفتار کر کے آلہ قتل چھری برآمد کر لی۔ گرفتار ملزم حسینی مشن امام بارہ کے قریب کا رہائشی ہے، ایس ایچ او نے بتایا کہ مقتول اور گرفتار ملزم ملکر آئس کا نشہ کرتے تھے اور گرفتار ملزم نے نشے کی حالت میں اپنے ساتھی کے گلے پر تیز دھار آلہ کا وار کر کے قتل کیا۔

بقیہ 27

کارروائیاں اسی طرح جاری رکھی جائیں گی تاکہ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 28

ہیں، 2 ممالک کو جنگ ختم ہونے کا نقصان ہے، یہ دونوں چاہتے ہیں جنگ جاری رہے، جنگ ختم ہونے کا نقصان بھارت کو بھی ہے، پاکستان کو عزت مل رہی ہے، اس لیے بھارت پروپیگنڈا کر رہا ہے، اسرائیل کوشش کر رہا ہے کہ جنگ جاری رہے، پاکستان کی کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے تیاری ہے، ہوسکتا ہے بھارت اب پہلے جیسی حماقت نہ کرے، بھارت کو اندازہ ہے وہ پاکستان کا مقابلہ نہیں کرسکتا، ایٹمی جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔

بقیہ 29

کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے 30 سے زائد بچوں کو اپنی بری عادت کا نشانہ بنایا، پولیس نے زخمی ملزم کو حراست میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ 30

دوسری جانب رکن پارلیمنٹ چرن جیت سنگھ چنی نے پہلگام فالس فلیگ کو مشکوک قرار دیتے ہوئے عوام کو حقائق سے آگاہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ بھارتی اپوزیشن جماعت ک

قتل کا اشتہاری چار سال بعد شکنجے میں آ گیا

قتل کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کو پولیس نے گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم دو مقدمات میں مطلوب تھا

ایس ایچ او تھانہ صدر محمد اختر خاں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری مجرم وارث عرف وارثی کو گرفتار کیا

حجرہ شاہ مقیم (یو این پی) قتل کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ صدر محمد اختر خاں نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری مجرم وارث عرف وارثی کو گرفتار کیا جو قتل کے دو مقدمات میں مطلوب تھا اور گزشتہ چار سال سے روپوش تھا۔ پولیس حکام کے مطابق جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مجرم کی گرفتاری ممکن بنائی گئی۔ اس حوالے سے ڈی پی او نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور کہا کہ سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف (بقیہ نمبر 27)

جنگ کے اثرات پوری دنیا پر پڑ رہے ہیں، ہمارے خطے پر تباہ کن اثرات ہیں

پاکستان کو عزت مل رہی ہے، اس لیے بھارت پروپیگنڈا کر رہا ہے' مشیر وزیراعظم کی گفتگو

لاہور (یو این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ جنگ کے اثرات پوری دنیا پر پڑ رہے ہیں، ہمارے خطے پر جنگ کے تباہ کن اثرات ہیں، جنگ سے باقی ممالک متاثر ہوں گے تو پاکستان بھی متاثر ہو گا۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ جنگ کی فکر سب کو ہے، چین، مصر، سعودی عرب اور ترکی ہمارے ساتھ (بقیہ نمبر 28)

لاہور: میو ہسپتال کے باہر لگنے والے لنڈا بازار میں شہری خریداری میں مصروف ہیں۔

محکمہ سکولز ایجوکیشن نے ''انووویٹو فنانسنگ اینڈ پارٹنرشپ ماڈل'' پر کام شروع کر دیا

تجاویز میں فرقہ وارانہ، مذہبی، لسانی وسیاسی عنصر شامل نہیں ہوگا

لاہور (این ای این) محکمہ سکولز ایجوکیشن پنجاب نے سکولوں کی مالی خودمختاری کے مجوزہ منفرد منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کیلئے باقاعدہ اقدامات شروع کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ سکولز ایجوکیشن کے ڈی پی آئی (سیکنڈری) پنجاب قیصر رشید کی جانب سے سکولز سربراہان کیلئے مراسلہ جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا کہ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 31)

پاکستانی سفارتی کامیابیوں کی پوری دنیا معترف، عالمی سطح پر وقار مزید بلند

پاکستان نے معرکہ حق میں بھارت کو عملی میدان میں شکست دینے کے بعد سفارتی محاذ پر بھی تنہا کر دیا

لاہور (این ای این) پاکستان کی بین الاقوامی سفارتی کامیابیوں کا اعتراف دنیا بھر سے کیا جا رہا ہے، جس سے ملک کا عالمی سطح پر وقار مزید بلند ہوا ہے۔ معرکہ حق کی عظیم فتح کے بعد پاکستان کی سیاسی وعسکری قیادت کی بصیرت، بہترین حکمت عملی اور مؤثر سفارتکاری کے باعث ملک کا عالمی وقار نمایاں طور پر بلند ہوا ہے۔ جنگی میدان میں دشمن کو عبرتناک (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی: غیر ملکی وفود کی آمد کے پیش نظر بس اڈے بند ہونے کے باعث پیرودھائی بس اسٹینڈ ویرانی کا منظر پیش کر رہا ہے۔

چوآسیدن شاہ میں بدعنوانی کے ایک باب کا اختتام عوامی شکایات پر پٹواری معطل

رشوت، اختیارات کے ناجائز استعمال اور عوامی استحصال کے الزامات نے سرکاری نظام پر سوالات کھڑے کر دیے

عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ مذکورہ اہلکار اور اس کا منشی عرصہ دراز سے سائلین کی مجبوریوں کو کمائی کا ذریعہ بنائے ہوئے تھے

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ میں سرکاری اختیارات کو ذاتی مفاد کے لیے استعمال کرنے کے الزامات میں گھرے پٹواری حلقہ شہر آفتاب شاہ کو متعدد شکایات ثابت ہونے کے بعد معطل کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کی زیر نگرانی ہونے والی انکوائری میں مبینہ رشوت ستانی، سائلین کو غیر ضروری تاخیر کا شکار بنانے اور دفتری اختیارات کے ناجائز استعمال جیسے معاملات سامنے آئے، جبکہ دوران (بقیہ نمبر 34)

پنجابی فلم ''جج اے دی'' عید الاضحیٰ پر پیش کی جائے گی

اداکار ظفر ارشاد کی پنجابی فلم ''جج اے دی'' عیدالاضحیٰ پر سینماؤں میں نمائش کے

لاہور (یو این پی) اسٹیج، فلم اور ٹی وی کے نامور اداکار ظفر ارشاد کی پنجابی فلم عیدالاضحیٰ پر ریلیز ہو گی۔ اداکار ظفر ارشاد کی پنجابی فلم ''جج اے دی'' عیدالاضحیٰ پر سینماؤں میں نمائش کے لئے پیش کی جائے گی۔ ظفر ارشاد نے بتایا کہ یہ ایک کامیڈی اور رومانوی فلم ہے جو یقیناً فلم بینوں کی توقعات پر پورا اترے گی۔ فلم میں تمام اداکاروں نے اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فلم کے رائٹر نور سلطان ورک، پروڈیوسر ناصر میر (بقیہ نمبر 37)

پابندیوں سے فنکاروں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں

تھیٹر کے رات گیارہ بجے سے ایک بجے تک شوز بحال کئے جائیں

لاہور (یو این پی) فنکار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری، نامور رائٹر و ڈائریکٹر ڈاکٹر اجمل ملک نے کہا ہے کہ اسٹیج واحد شعبہ ہے جسے حکومتی سرپرستی حاصل نہیں رہی، اسٹیج کے کئی فنکار ایسے ہیں جنہوں نے زندگی کے آخری سال انتہائی زبوں حالی میں گزارے اور سسک سسک کر جان دی۔ یو این پی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 38)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

راولپنڈی: ڈھوک چراغ دین نالہ لئی کنارے غیر قانونی قائم بھینسوں کے باڑے۔

مرید کے، رکشہ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 10 سالہ بچہ جاں بحق

حادثے میں زخمی ہونے والے شخص کی حالت بھی تشویشناک' لاہور منتقل کر دیا گیا

مرید کے (یو این پی) مرید کے میں موٹر سائیکل اور رکشہ میں تصادم سے 10 سالہ بچہ جاں بحق جبکہ کی شخص شدید زخمی ہو گیا۔ حادثہ جی ٹی روڈ سٹی ایریا میں ہوا، حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق بچے کی لاش اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ حادثے میں زخمی (بقیہ نمبر 46)

مقبوضہ کشمیر کے شہری کا پاکستانی عسکری قیادت کیلئے محبت بھرا پیغام

مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پہلگام فالس فلیگ سے متعلق مودی سرکار کا گمراہ کن بیانیہ واضح طور پر

سلام آباد/اسری نگر (یو این پی) معرکہ حق کے ایک سال بعد مقبوضہ کشمیر کے شہری نے پاکستانی عسکری قیادت کیلئے محبت بھرا پیغام جاری کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے پہلگام فالس فلیگ سے متعلق مودی سرکار کا گمراہ کن بیانیہ واضح طور پر مسترد کر دیا ہے۔ پہلگام فالس فلیگ آپریشن کی جائے وقوعہ سے ویڈیو پیغام میں کشمیری نوجوان نے کہا کہ اس جگہ (پہلگام) سے ایک سال قبل مودی کی ذلت کا آغاز ہوا تھا، پہلگام وہی جگہ (بقیہ نمبر 45)

لاہور: ایک شخص چنگ چی رکشے پر پرانے ٹائر لاد کر لے جا رہا ہے۔

سی سی ڈی کی کارروائی، کمسن بچے سے بدفعلی کا ملزم زخمی حالت میں گرفتار

لاہور (یو این پی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ چوہنگ نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچے سے بدفعلی کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق گرفتاری کے دوران ملزم نے فرار کی کوشش کی جس دوران پسٹل چلنے سے وہ خود ہی زخمی ہو گیا، ملزم کا نام عیش بہادر ہے جو پہلے بھی ایسے جرائم میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ دوران تفتیش ملزم نے سنسنی خیز انکشافات (بقیہ نمبر 29)

پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں پاکستان کے ملوث ہونے کا حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں، گوپال سنگھ

نئی دہلی (یو این پی) بھارتی سکھ رہنما گوپال سنگھ نے کہا ہے کہ پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں پاکستان کے ملوث ہونے کا حکومت کے پاس کوئی ثبوت نہیں۔ ادارے کے مطابق ایک بیان میں بھارتی سکھ رہنما گوپال سنگھ نے کہا کہ بھارتی خفیہ ایجنسیاں کیوں ناکام رہیں؟ گوپال سنگھ نے کہا کہ بھارت نے یہ ڈرامہ صرف پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کے لیے کیا ہے، مؤقف کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔ (بقیہ نمبر 30)

دریا خان، بستی چانڈیہ میں زمین کے تنازعہ پر فائرنگ، باپ، دو بیٹوں سمیت پانچ افراد جاں

دریا خان (یو این پی) تھانہ بہل کی بستی چانڈیہ میں زمین کے تنازعہ پر فائرنگ سے باپ اور دو بیٹوں سمیت پانچ افراد جاں بحق، تین افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے تمام افراد آپس میں ماموں زاد اور پھوپھا زاد کزن تھے جبکہ مرنے والوں میں نیاز، اسلم، اظہر، مظہر اور وسیم شامل ہے۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ (بقیہ نمبر 33)

او جی ڈی سی ایل کیمپ مقامی آبادی کے لیے وبال جان بن گیا سردار عامر علی

ہیوی مشینری اور ہیوی گاڑیوں کی آمد و رفت سے لنک روڈ تباہ حالی کا شکار

کیمپ کو فی الفور شہرائے بہادر سے کہیں اور منتقل کیا جائے اہل علاقہ کا مطالبہ

فتح جنگ (عادل شہزاد سے) تحصیل فتح جنگ کے گاؤں شہرائے بہادر میں OGDCL کا کیمپ مقامی آبادی کے لیے وبال جان بن گیا زہریلے کیمیکلز سے مقامی آبادی کو شدید خطرہ لاحق ہو سکتا ہے بارود سے بھری گاڑیوں کی آمد و رفت کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے ہیوی مشینری اور ہیوی گاڑیوں نے لنک روڈ تباہ و برباد کر دیا ہے ہیوی جنریٹرز نے مقامی لوگوں کا جینا محال کر دیا ہے فتح جنگ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت سردار عامر علی خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ او جی ڈی سی ایل کیمپ مقامی آبادی کے لیے خطرہ بن چکا ہے زہریلے کیمیکلز کی وجہ سے انسانی زندگیوں کو شدید خطرہ لاحق ہے بارود سے بھری گاڑیوں کی آمد و رفت کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیاور ہیوی مشینری اور ہیوی گاڑیوں کی آمد و رفت کی (بقیہ نمبر 44)

نائیجیریا کے سابق فٹبالر دوستانہ میچ کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر

مائیکل ایزاموا اپنی مضبوط جسامت اور جارحانہ انداز کھیل کی وجہ سے ''دی ٹینک''

کادونا (یو این پی) نائیجیریا کے سابق انٹرنیشنل اسٹرائیکر مائیکل ایزاموا دوستانہ میچ کے دوران 40 برس کی عمر میں اچانک انتقال کر گئے۔ اطلاعات کے مطابق وہ نائیجیریا کے شہر کادونا میں ایک دوستانہ فٹبال میچ کے دوران اچانک میدان میں گر پڑے تھے۔ مائیکل ایزاموا، جو اپنی جسمانی طاقت اور جارحانہ کھیل کے باعث ''دی ٹینک'' کے نام سے مشہور تھے، نے میچ کا پورا پہلا ہاف بغیر کسی پریشانی کے کھیلا۔ تاہم دوسرے ہاف کے صرف 5 (بقیہ نمبر 43)

دیہاڑی پر کام کرنے والے مزدور اپنے اوزاروں کے ساتھ گاہکوں کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔

کوکین استعمال، نیوزی لینڈ کے سابق فاسٹ بولر پر 2 سالہ پابندی عائد

بریسویل نے گزشتہ سال کاؤنٹی چیمپئن شپ کے فائنل کے دوران کوکین کا استعمال کیا

لندن (یو این پی) نیوزی لینڈ کے سابق فاسٹ بولر پر کوکین کے استعمال کے باعث 2 سال کی پابندی لگ گئی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق 35 سالہ بریسویل نے گزشتہ برس کاؤنٹی چیمپئن شپ کے فائنل میں کوکین کا استعمال کیا تھا۔ نیوزی لینڈ کے سابقہ فاسٹ بولر کا 25 ستمبر کو ٹیسٹ ثبت آیا جبکہ بریسویل نے بھی کوکین کے استعمال کا اعتراف کیا، وہ ایونٹ میں ایسکس کی نمائندگی کر رہے تھے۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے (بقیہ نمبر 42)

سرگودھا: ایک کسان مونگ پھلی کی کاشت کے لیے اپنے کھیت میں اونٹ کی مدد سے ہل چلا رہا ہے

اسٹیج ڈرامہ ''چاند کب نکلے گا'' نے فیملیوں کی بھرپور توجہ حاصل کر لی

فیملیوں کی دلچسپی سے واضح ہو گیا لوگ آج بھی اصلاحی اسٹیج دیکھنا چاہتے ہیں

لاہور (یو این پی) پنجاب آرٹ کونسل کے زیر اہتمام اوپن ایئر تھیٹر باغ جناح میں پیش کیے گئے فیملی ڈرامے ''چاند کب نکلے گا'' نے فیملیوں کی بھرپور توجہ حاصل کر لی۔ ڈرامے کی کاسٹ میں ہما علی، جواد وسیم، حسن مراد، سونیا چوہدری، عیشا منی، سعدیہ شیخ، ظفر ارشاد، توقیر زیدی، بابر عباس، یوسف انجم، حسنین حیدر، اعجاز بیلی، ذیشان، خرم امیر سمیت دیگر شامل ہیں۔ ڈرامے کے رائٹر و ڈائریکٹر گوشی خان ہیں جو ڈرامے میں خود بھی مرکزی کردار نبھا رہے ہیں۔ اوپن ایئر تھیٹر آنے والی فیملیوں نے بتایا کہ طویل عرصے کے بعد (بقیہ نمبر 41)

ساس کے رویوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے' فضیلہ قاضی

کوئی یہ نہیں سوچتا بیٹوں کی شادی کے بعد ساس کا رویہ کیوں بدل جاتا ہے

لاہور (یو این پی) سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ ساس کے رویوں کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے، اکثر لوگ یہ کہتے ہیں کہ بیٹوں کی شادی کے بعد ساس کا رویہ بدل جاتا ہے مگر کوئی یہ نہیں سوچتا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ زیادہ تر خواتین اس عمر میں ہوتی ہیں جب ان کے بچوں کی شادیاں ہوتی ہیں اور یہ عمر پری مینوپاز کا مرحلہ ہوتی ہے، جس میں ہارمونل تبدیلیاں خواتین کے جذبات اور رویے پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ (بقیہ نمبر 40)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

خیبر پختونخوا اتھلیٹکس مرد اور خواتین ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز پشاور شروع ہو گئے

پشاور (یو این پی) خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے چناؤ کے سلسلہ میں خیبر پختونخوا اتھلیٹکس مرد اور خواتین ٹیموں کے لئے ٹرائلز قیوم سپورٹس کمپلیکس، پشاور میں شروع ہو گئے ہیں۔ کھلاڑیوں کی سلیکشن کے لئے تین رکنی سلیکشن کمیٹی خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری انجینئر سیف اسلام آفریدی کی سربراہی قائم کی گئی (بقیہ نمبر 36)

اللہ کے واسطے کراچی کی سڑکیں ٹھیک کر دیں، موجودہ صورت حال دیکھ کر مجھے غصہ آتا ہے، شگفتہ اعجاز

کراچی (یو این پی) معروف پاکستانی اداکارہ شگفتہ اعجاز نے کہا ہے کہ اللہ کے واسطے کراچی کی سڑکیں ٹھیک کر دیں، موجودہ صورت حال دیکھ کر مجھے غصہ آتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حال ہی میں شگفتہ اعجاز نے نجی ٹی وی چینل کے شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف امور پر بات کرتے ہوئے کراچی کے بارے میں اپنی بے لاگ رائے کا اظہار کیا۔ (بقیہ نمبر 39)

پاکستانی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو اللہ نے ایسی عزت دی دنیا حیران ہے

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر انتظام پیاس یونیورسٹی کے طالبعلم صالح آصف کی شاندار کامیابی

رپورٹ کے مطابق ان کی مجموعی دولت تقریباً ایک ارب 30 کروڑ ڈالر تک پہنچ چکی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کے نوجوان تیزی سے عالمی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں، اور اب ایک اور نام اس فہرست میں شامل ہو گیا ہے۔ کراچی سے تعلق رکھنے والے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر انتظام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز کے طالبعلم صالح آصف کو معروف میگزین 'فوربز' نے ارب پتیوں کی فہرست میں شامل کر لیا (بقیہ نمبر 47)

لاہور: محنت کش ریڑھی پر خشک انجیر فروخت کر رہے ہیں۔

وفاقی حکومت متوسط طبقہ سے جینے کا حق چھین رہی ہے؛ شمشاد بھٹی

رائیونڈ (یو این پی) وفاقی حکومت متوسط طبقہ سے جینے کا حق چھین رہی ہے؛ شمشاد بھٹی، مہنگے یوٹیلٹی بلوں کے ستائے ہوئے صارفین دل کے عارضہ سے جاں بحق اور لاکھوں بھکاری بن چکے ہیں، بجلی صارفین نے ایک سروے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کے ایجنڈے کے منافی ہے جبکہ بعض نے کہا کہ وفاقی حکومت عوام کا خون نچوڑ کر اپنے پاؤں پر کلہاڑی چلا رہی، کٹے ویچھے انڈے اور مرغیوں کا واویلا (بقیہ نمبر 48)

وہاڑی؛ ذہنی معذور لڑکی سے زیادتی کیس کے ملزم نے خودکشی کر لی

وہاڑی (یو این پی) کرپور میں ذہنی معذور لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم نے خودکشی کر لی۔ پولیس ذرائع کے مطابق چھاپے کے دوران ملزم نے خود کو گولی مار کر اپنی جان کا خاتمہ کر لیا، ملزم عابد حسین زیر تعمیر عمارت میں چھپا ہوا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ پولیس کے سمجھانے کے باوجود ملزم نے خود پر فائر کیا، ملزم کی لاش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔

صوبہ بھر میں انفراسٹرکچر کی بہتری، عوامی سہولیات کی فراہمی اور شہری ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے

سرگودھا میں صحت کے شعبے میں تاریخی اقدامات کیے گئے، جن میں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف انفراسٹرکچر کی بہتری، عوامی سہولیات کی فراہمی اور شہری ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی صفدر حسین ساہی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبہ بھر میں

سرگودھا (یو این پی) ممبر صوبائی اسمبلی و چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہوم ڈیپارٹمنٹ صفدر حسین ساہی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق صوبہ بھر میں انفراسٹرکچر کی بہتری، عوامی سہولیات کی فراہمی اور شہری ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی صفدر حسین ساہی (بقیہ نمبر 49)

مصطفیٰ عامر اور ڈی ایس پی قتل کیس: ملزم ارمغان نے عدالت کی جانب سے کیس چلانے

سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں خصوصی عدالت کے روبرو مصطفیٰ عامر اور ڈی ایس پی

کراچی (یو این پی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے مصطفیٰ عامر اور ڈی ایس پی کے قتل سمیت 4 مقدمات میں جیل سپرنٹنڈنٹ سے ملزم ارمغان کو جیل مینوئل کے مطابق دی جانے والی سہولیات سے متعلق وضاحت طلب کر لی۔ کراچی سینٹرل جیل انسداد دہشتگردی کمپلیکس میں خصوصی عدالت کے روبرو مصطفیٰ عامر اور ڈی ایس پی (بقیہ نمبر 50)

عالمی حفاظتی ٹیکہ ہفتہ مہم کا آغاز اعلیٰ سطحی ایڈووکیسی سیمینار کا انعقاد

ماہرینِ صحت کا متفقہ مؤقف ویکسین مہلک بیماریوں سے بچاؤ کا مؤثر ترین ذریعہ، پنجاب میں کوریج 88.6 فیصد تک پہنچ گئی

سو فیصد ویکسینیشن ہدف کے حصول کے لیے حکومت، عالمی اداروں، میڈیا اور کمیونٹیز کے درمیان مربوط حکمتِ عملی پر زور

ایک شہری اپنی موٹر سائیکل پر بڑا سولر پینل خطرناک حد تک بیلنس کر کے لے جاتے ہوئے۔

گوجر خان (قمر شہزاد) پنجاب میں عالمی حفاظتی ٹیکہ ہفتہ 2026 کا باقاعدہ آغاز ایک اعلیٰ سطحی ایڈووکیسی سیمینار سے کیا گیا، جس کا انعقاد جنگ فورم نے ای پی آئی پنجاب اور یونیسیف کے اشتراک سے کیا۔ اس موقع پر ماہرینِ طب، صحت عامہ کے نمائندگان، اور بین الاقوامی اداروں کے ذمہ داران نے شرکت کی اور ویکسینیشن کی اہمیت پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ تقریب کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر طارق اقبال بھٹہ نے کی، جبکہ مہمانانِ خصوصی میں پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز اور پروفیسر ڈ (بقیہ نمبر 51)

حکومت نے پی ایس ایل فائنل میں تماشائیوں کو سٹیڈیم آنے کی اجازت دیدی

پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن کا فائنل 3 مئی کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا

لاہور (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان سپر لیگ کے گیارہویں ایڈیشن کے فائنل کے لیے تماشائیوں کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت دیدی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ میں نے وزیراعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 52)

54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لئے اتھلیٹکس ٹیم تیار کی جائے گی

پشاور (یو این پی) خیبر پختونخوا اتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سیف اسلام آفریدی نے کہا ہے کہ 54ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ کے لئے خیبر پختونخوا کے کھلاڑیوں پر مشتمل مضبوط اتھلیٹکس ٹیم تیار کی جائے گی اور خطے میں اتھلیٹکس کے کھیل کے فروغ کے لئے ایشیا اتھلیٹکس فیڈریشن کے نائب صدر میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی کی کاوشیں اور کوششیں قابل تعریف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز (بقیہ نمبر 53)

ٹیسٹ کرکٹر ظفر گوہر پاکستان چھوڑ کر کیوں گئے، وجہ خود بتا دی

ماضی میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے ظفر گوہر اب انگلینڈ ٹیم میں جگہ بنانے کے خواہشمند

لندن (یو این پی) انگلش کاؤنٹی کرکٹ میں اسپنر کے لیے چند روایتی تصورات پائے جاتے ہیں کہ عمر کے ساتھ کارکردگی میں نکھار آتا ہے اور ٹیم میں ہنے کے لیے بیٹنگ صلاحیت بھی ضروری ہوتی ہے۔ مڈل سیکس کے پاکستانی نژاد اسپنر ظفر گوہر اب ان دونوں خصوصیات کے ساتھ ایک تیسری اہم شرط بھی پوری کر چکے ہیں، یعنی وہ اب انگلینڈ کے لیے کھیلنے کے اہل ہیں۔ پاکستان کی جانب سے ایک ون ڈے اور ایک ٹیسٹ میچ کھیلنے والے 31 سالہ ظفر گوہر (بقیہ نمبر 54)

لاہور: گرمی کی شدت کم کرنے کے لیے شہری ایک ریڑھی سے ٹھنڈا شربت پی رہے ہیں۔

لاہور، سی سی ڈی کی کارروائی، کمسن بچے سے بدفعلی کا ملزم گرفتار

لاہور (یو این پی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں سی سی ڈی چونگ نے کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچے سے بدفعلی کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق گرفتاری کے دوران ملزم نے فرار کی کوشش کی جس دوران پسٹل چلنے سے وہ خود ہی زخمی ہو گیا، ملزم کا نام عیش بہادر ہے جو پہلے بھی ایسے جرائم میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ دوران تفتیش ملزم نے سنسنی خیز انکشافات کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے 30 سے زائد بچوں کو اپنی بری عادت کا نشانہ بنایا، (بقیہ نمبر 55)

پاکستانی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو اللہ نے ایسی عزت دی دنیا حیران ہے

وزیراعظم میاں شہباز شریف کی ثالثی کو قبول کرنا پاکستان کی خارجہ پالیسی کی کامیابی پاکستان کے لیئے بہت بڑا اعزاز ہے

پاکستانی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو اللہ نے ایسی عزت دی دنیا حیران ہے

رائیونڈ (یو این پی) جاوید عبداللہ، تنازعات کا حل سفارت کاری ہے، پاکستان کا یہ موقف پوری دنیا نے تسلیم کیا، اندون اور بیرون ملکوں میں پاکستان زندہ باد کی صدائیں گونج رہی ہیں الحمدوللہ رب العزت نے جو عزت پاکستان کو بخشی ہے تاریخ کا حصہ بنے گی، مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء سابق صوبائی امیدوار چوہدری جاوید عبداللہ میو ن لیگیوں اور میڈیا سے اظہار خیال کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ عالمی بحران میں کامیاب سفارتی کاری پر وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، (بقیہ نمبر 56)

انڈسٹری میں سیاسی ماحول دیکھ کر کئی بار شوبز کو خیر باد کہنے کا سوچا ہے، علی ظفر

میں اپنے کیریئر سے محبت کرتا ہوں، مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت اور عزت ملی ہے

کراچی (یو این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ عالمی شہرت یافتہ معروف گلوکار و اداکار علی ظفر نے انکشاف کیا ہے کہ انڈسٹری میں سیاسی ماحول دیکھ کر کئی بار شوبز کو خیر باد کہنے کا سوچا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران گفتگو کرتے ہوئے علی ظفر نے شوبز کو مکمل طور پر خیر باد کہنے سے متعلق اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ علی ظفر نے کہا کہ میں اپنے کیریئر سے محبت کرتا ہوں، مجھے پاکستان سے بے پناہ محبت اور عزت ملی ہے، لیکن دل سے محض ایک فنکار ہوں، ایک معصوم خواہش کے ساتھ شوبز میں آیا تھا کہ صرف فن تخلیق کروں۔ انہوں نے کہا کہ میری واحد خواہش یہی تھی کہ تخلیقی کام جاری رکھوں، لیکن جب اس شعبے میں سیاست (بقیہ نمبر 57)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-